کیا پس نہیں — پس نہیں — تحقیق میں — یہ — اگر نہیں — تھے وہ — اور کسقدر — انکے واسطے — کیا یہ لوگ

اِلٰى ۸/۱۴ اِنَّكُمْ ۸/۱۶ فَلَمْ ۹/۱۴ اَلْاٰنَ ۱۰/۵ اِلَيْهِ ۱۱/۹ اَلَّا ۱۱/۱۴ حَتّٰى ۱۲/۴ لَهٗ ۱۳/۸ وَاِنَّهَا ۱۴/۵

طرف — تحقیق تم — پس نہیں — اب — طرف اسکی — یہ کہ نہیں — یہاں تک — اسکے واسطے — اور تحقیق وہ

عَمَّا ۱۴/۹ اِنَّهٗ ۱۴/۱۴ عَسٰى ۱۵/۱ وَاِنَّهُمْ ۱۵/۱۵ لٰكِنَّا ۱۵/۱۴ وَلَمْ كَلَّا ۱۶/۸ وَاَنَا ۱۶/۱۰

اس سے — تحقیق وہ — قریب ہے — اور تحقیق وہ — لیکن — اور نہیں — خبردار ہو — اور میں

اِنَّنِيْ كَيْ ۱۶/۱۱ مِنْهَا ۱۶/۱۱ كُلَّمَا ۱۷/۹ لَكُمْ ۱۷/۱۱ هَيْهَاتَ ۱۸/۳ لَعَلِّيْ ۱۸/۴ لَعَلَّكَ ۱۹/۵

تحقیق میں — کب — اس سے — جبکہ — تمہارے لئے — افسوس — شاید — شاید

عَمَّا ۲۹/۱ عَلَيْهَا ۲۹/۱۵ عَلَيْهِمْ ۲۹/۱۹ عَمَّ ۳۰/۱ فِيْمَ ۳۰/۴

اس سے — اوپر اس — اوپر انکے — اس چیز سے — پس نہیں

آمین نامہ

حمد خدا پڑھوں میں نعت نبی سنوں میں
شکر خدا کروں میں قدوس من یرانی

وہ ہیں حبیب برحق کہ جن سے ہے دین کی رونق
جو چاہیئے کما حق قدوس من یرانی

ہیں چار یار اُن کے بوبکر اور عمر ہیں
عثماں ہیں اور علی ہیں قدوس من یرانی

آئی شب ولادت یارو عجب سعادت
دیکھو خدا کی رحمت قدوس من یرانی

جسوقت دایہ آئی عورت کے پاس بیٹھی
خوش ہو خبر سنائی قدوس من یرانی

لڑکا ہوا ہے پیدا ہر ایک جسپہ شیدا
قدرت سے ہی ہویدا قدوس من یرانی

رویا جو لڑکا آکر حق میں ہر اک دعا کر
تو خیر یا خدا کر قدوس من یرانی

رونا نہیں ہے خالی از عجز و انکساری
ہاں کہہ کے یہ پکاری قدوس من یرانی

نانی نے جاکے جھٹ پٹ اُسکو گلے لگایا
آنکھوں میں پھر بٹھایا قدوس من یرانی

ہمشیر دیکھ بتلا قدرت کا ہے یہ پتلا
پر ہے گا دبلا پتلا قدوس من یرانی

طشت زمرد آیا مشک و حنا ملایا
کیا زعفرانی رنگ لایا قدوس من یرانی

کیوڑا گلاب لاکر سب ایک میں ملاکر
پھولوں سے پھر کھلاکر قدوس من یرانی

نانی نے لیکے اُسکو سب عطر میں بسایا
سب گھر کو پھر جگایا قدوس من یرانی

دادی نے دیکھ حالت کی دل سے اپنی شفقت
دیکھی خدا کی رحمت قدوس من یرانی

خوش ہوکے سب یہ بولے ہم سب سے زیادہ پھولے
پر تجکو ہم نہ بھولے قدوس من یرانی

جسوقت آئے دادا ہر دل کا تھا ارادہ
پھولوں سے پھولیں زیادہ قدوس من یرانی

نانا کا ہے نواسا پر دودھ کا پیاسا
دینا پلا ذرا سا قدوس من یرانی

والد کو جو خوشی ہے دیدار کی غشی ہے
کیسی یہ سرخوشی ہے قدوس من یرانی

آئے کہیں چچا ہیں لاکھوں ہی رنگ رچائیں
ہاں خوب غل مچائیں قدوس من یرانی

آئی ممانی جسدم ماموں بھی ساتھ اُسدم
کہتے تھے پیارے ہر دم قدوس من یرانی

سب کا ہے وہ پیارا آنکھوں کا تیری تارا — اللہ نے ہی اُتارا قُدُّوس مَن یَّرانی
جب عمر پنجسالہ آیا وہ نونہال — پڑھنے کو پھر بٹھالا قدوس من یرانی
تیسری کے طبق تھی ہمراہ ہم سبق تھے — روشن یہ سب طبق تھے قدوس من یرانی
جسدم شروع کی اقرا کہتا ہر ایک لڑکا — یہ چھٹی کا تارا چمکا قدوس من یرانی
لڑکوں سے تیز نکلا قرآں ہوا جو آدھا — عالم نے چاہا زیادہ قدوس من یرانی
ہر علم فقہ و منطق پڑھکر حدیث پہنچا — قرآں کے معنی سمجھا قدوس من یرانی
پوری ہوئی فضیلت دیکھو عجب سعادت — ہووے خدا کی رحمت قدوس من یرانی
یہ عمر نوجواں ہے شادی کہاں نہاں ہے — ہوئی جواب عیاں ہے قدوس من یرانی
تجویز کیا کیا ہے تعویذ بھی لکھا ہے — تقدیر کا بھلا ہے قدوس من یرانی
وہ بے غش و غل ہے وہ رنگ یہ محل ہے — غم کا خوشی بدل ہے قدوس من یرانی
وہ شیخ ہیں کہ سید تقدیر کے ہیں جید — کیا خوب ہیں یہ امجد قدوس من یرانی
شادی کا روز آیا سب کو یہ کہہ بلایا — تقدیر مرا دیا یا قدوس من یرانی
وہ دھوم اب مچی ہے کلفت سی جاں گئی ہے — شادی یہ کیا رچی ہے قدوس من یرانی
مکتب کے لڑکے آئے شادی کا رنگ لائے — دف تھم بجاتے آئے قدوس من یرانی
اُستاد کو سواری ہودج گئی عماری — دولہ کی ماں پکاری قدوس من یرانی
اُستاد جبکہ آئے قاضی کو ساتھ لائے — مسند یہ پھر بٹھائے قدوس من یرانی
حاضر سوار پیادے جسدم سے کیئے ارادے — جوڑے سے جڑاؤ سادے قدوس من یرانی
مندیل اور دوشالے دولہ کی جب نکالے — اُسوقت بولے سالے قدوس من یرانی
لڑکوں کے پہلے حق ہیں دولہ کی ہم سبق ہیں — جوڑے بھرے طبق ہیں قدوس من یرانی
اے دوست تجکو دینا خاموش تم نہ رہنا — ہر بار کہتے رہنا قدوس من یرانی
کل تھا سبق پڑھایا میں نے تمھیں دوبارا — یہ زور ہے ہمارا قدوس من یرانی
مانوں گا میں نہ ہرگز جو آپ پہنے جوڑا — لو لگا وہیں میں گھوڑا قدوس من یرانی
پہنچے دلہن کے گھر پر مشتاق تھی وہ دیر — کہنے لگی سر اسر قدوس من یرانی

کیا خوب ہیں براتی سارے جوان ہیں ساتھی — گھوڑے ہیں اور ہاتھی قدوس من یرانی
آئے وکیل شاہد سب سے عقیل زائد — ہاں نور نہان واحد قدوس من یرانی
جا اختیار لائے رو بے قرار پائے — لاکھوں ہی کہہ سنائے قدوس من یرانی
سنکر یہ حال قاضی بولے کلام تازی — ہو تم بھی خوب راضی قدوس من یرانی
قاضی نے خطبہ پڑھکر جب عقد باندھا بڑھکر — کی فتح خوب گڑھکر قدوس من یرانی
بٹنے لگے چھوہارے کہنے لگے پیارے — یاروں نے ہاتھ مارے قدوس من یرانی
یار کسی نے چھپایا چھوار روکے نہ دھایا — کہتا تھا بھائی۔ آیا قدوس من یرانی
کہتے تھے سارے لڑکے دولہ کے پاس اڑکے — ہم نیگ لینگے لڑکی قدوس من یرانی
آئی قریب رخصت دولہ کے گھر یہ رحمت — دولہن کے گھر یہ رحمت قدوس من یرانی
سونے کا نقرئی کا کپڑے جڑاؤ ٹیکا — سارا جہیز لکھا قدوس من یرانی
دولہن کے باپ اور ماں دل میں بہت پریشاں — کہتی بہن کہ اماں قدوس من یرانی
بھائی کہاں بہن سے ہے جو رنج اور محن سے — کانٹوں کا یہ چمن ہے قدوس من یرانی
روتی ہے کیوں عبث یہ مل مل کے ایک دو سے — لڑکے کہیں نہ تجھ سے قدوس من یرانی
اماں یہاں یہ آنا پانی ذرا پلانا — تھم جائے ہچکی قدوس من یرانی
بیٹھی جڑاؤ آئی دولہن کو کھیر بٹھائی — سب نے مراد پائی قدوس من یرانی
گھر پر دولہن جو آئی پھولے نہیں سمائی — ماں باپ اور دائی قدوس من یرانی
گھر پر جو آیا دولہا ایسا خوشی میں پھولا — پر سب کا حق نہ بھولا قدوس من یرانی
دولہن جو گھر یہ آئی ہے شکر یا الٰہی — قدوس من یرانی قدوس من یرانی
آیا پیار انوشہ ہمراہ لایا توشہ — انگور انار خوشہ قدوس من یرانی
کہنے لگے یہ یاراں دولہ سے ملکے شاداں — آباد رکھے یزداں قدوس من یرانی
خالق گناہ کھووے دشمن تمہارا روئے — اولاد نیک ہووے قدوس من یرانی
استاد نے دعا دی رہیو سدا سلامت — اللہ کی ہووے رحمت قدوس من یرانی
سب نے کہا مبارک پہنچے مراد سالک — محفوظ رکھے مالک قدوس من یرانی +

آمین ہووی شادی رہیو مدامی مقبول ہو سلامی قدوس من یرانی + ہو سب نے مراد پائی

کرو مہربانی پہ رحمت یارب طفیل حضرت حضرت کریں شفاعت قدوس من یرانی

غزلہاے نعتیہ از طبع فکر منشی عبد الغنی صاحب مرحوم المتخلص بہ غنی برادر مولف

ازل سے تا ابد ہو آپ ہی سلطان یا حضرت
زمین و آسمان ہیں تابع فرمان یا حضرت

کہاں انسان کی طاقت کرے جو آپکی مدحت
تمہاری شان میں نازل ہے یہ قرآن یا حضرت

پھنسا ہوں غم کے ہاتھوں میں نہیں صورت رہائی کی
یہ مشکل ہے مرے اوپر کرو آسان یا حضرت

تمامی انبیا اور اولیا عاشق تمہارے ہیں
تصدق آپ پہ کرتے ہیں دل اور جان یا حضرت

سوا نیزہ پہ جبکہ آفتاب حشر آجاوے
چھپانا آپ ہی ہمکو تہ داماں یا حضرت

چہارم چرخ پر عیسی ہوے مسکن گزیں جاکر
سر عرش بریں تم ہی ہوے مہمان یا حضرت

مجھے اب تو خدارا ہند سے بلواؤ یثرب میں
تمہارے درد فرقت نے کیا بیجان یا حضرت

تمہیں دو جہاں کے سلطاں ہو تمہیں فخر رسولاں ہو
تمہیں محبوب یزداں ہو شہ ذیشان یا حضرت

بہر صورت زیارت ہو مجھے اس آستانہ کی
غنی کے دل میں ہے بس ایک یہ ارمان یا حضرت

دیگر

مظہر نور خدا شاہ سلام علیک
مخزن لطف و عطا شاہ سلام علیک

سرور ہر دوسرا شاہ سلام علیک
شافع روز جزا شاہ سلام علیک

ابر کرم سے ترے کیوں نہ شجر ہوے ہرے
گلشن دل ہے کھلا شاہ سلام علیک

بندۂ ناچیز ہوں عاجز و مسکین ہوں
آگے خدا کی رضا شاہ سلام علیک

روز قیامت وہاں جبکہ تو لیں نیکیاں
لیجو خبر میری ہاں شاہ سلام علیک

اس گل رخسار کا میں تو دیوانہ ہوا
چہرہ دکھا دو ذرا شاہ سلام علیک

جبکہ خدا پوچھیگا کسکا ہے عاشق بتا
نام لوں گا آپکا شاہ سلام علیک

فخر پیمبر ہوے ساقی کوثر ہوے
آپ ہی اے مصطفی شاہ سلام علیک

عشق ہے مجکو دلا سید ابرار کا
خوف ہو کیا حشر کا شاہ سلام علیک

روح کرے جب سفر دار فنا سے اگر
نام ہو لب پر ترا شاہ سلام علیک

آپ کے در کے سوا جاے غنی اب کہاں
حامی خلق خدا شاہ سلام علیک

دیگر

خالق ہے جنکا مبتلا وہ مہ لقا ہی تو ہیں
حور و ملک جنپر فدا صل علی یہ ہی تو ہیں

جنکا خدا ہو مدح خواں اور شان میں ہو ہل اتیٰ
اُنکی صفت میری زباں صل علیٰ یہی تو ہیں

جن و بشر کے پیشوا ہاں انبیا کے مقتدا
شافع روز جزا خیر الوریٰ یہی تو ہیں

معراج میں جنکو طلب حق نے کیا باصد طرب
حضرت نبی جنکا لقب وہ مصطفےٰ یہی تو ہیں

جنکے لیے حق نے دلا ارض و سما پیدا کیا
ہاں باعث ہر دو سرا وہ دلربا یہی تو ہیں

جو شافع محشر ہوئے جو ساقی کوثر ہوئے
وہ ہادی نور ہدیٰ صل علیٰ یہی تو ہیں

جنکے لئے روح الامیں آتے تھے بر فرش زمیں
رونق فزا عرش بریں نام خدا یہی تو ہیں

وہاں نوح کی کشتی بچی جنکے سبب طوفان سے
فخر عرب سردار دیں وہ ناخدا یہی تو ہیں

حور و ملک صل علیٰ پڑہتے تھے جنپر اے غنی
پیغمبر آخر زماں وہ مجتبےٰ یہی تو ہیں

دیگر

آؤ اللہ کے محبوب کا روضہ دیکھو
باغ بطحے کا ذرا چل کے تماشا دیکھو

میں تپ دردوری سے ہوں بسمل سا تڑپتا دیکھو
اپنے بیمار محبت کو مسیحا دیکھو

بس رہا ہے یہی دل میں کہ مدینہ دیکھوں
دیکھو ہوتی ہے یہ کب پوری تمنا دیکھو

مجھ گنہگار کو ہے تیرا وسیلہ کافی
حشر کے روز حمایت مری کرنا دیکھو

دستگیری کرو للہ گنہگاروں کی
دونوں عالم میں تمہارا ہے سہارا دیکھو

جاؤں اس حال سے یثرب میں کہ پھٹی ہو گدڑی
اہل یثرب کہیں کسکا ہے دیوانا دیکھو

ورطۂ غم میں ہوئی غرق غنی کی کشتی
بحر عصیاں سے شہا اسکو بچانا دیکھو

دیگر

ٹہرا ہے شوق دل بیدار پیغمبر تو ہونے دے
فدا ہیں حسن پہ جنکے نثار اُن پر تو ہونے دے

نہو تو دل تسکین ابدال وصال یار سے ہرگز
گذر تیرا قریب مسکین دلبر تو ہونے دے

عبث ہے اے دل مجھ شکوہ کسی کی کج ادائی کا
اثر مجھ آہ سوزاں کا ذرا اُسپر تو ہونے دے

میں ہوں بیکس غریب و ناتواں مسکین و درماندہ
عنایت کی نظر مولا مرے اوپر تو ہونے دے

عبث مانع ہے او عسرت مدینہ کی زیارت سے
مجھے تو اک دفعہ اس ہند سے باہر تو ہونے دے

اُڑا لیجائے گا ہمکو بھی مرغ شوق یثرب میں
ٹہر جا دل ذرا تو اُسکے بال و پر تو ہونے دے

نکل جائینگے سب ارماں تری دل کے غنی سے
مجھے حاصل قدمبوسی شہ انور تو ہونے دے

دیگر

عرض ہے میری شہ روز جزا کے آگے
حشر میں لیجو خبر میری خدا کے آگے

جبکہ بندہ ہوا مقبول خدا کے آگے
ہاتھ پھیلائے وہ کیوں اپنی دعا کے آگے

جلد دیکھوں کبھی صورت سی دیار یثرب
ہے بہت ہی یہ دعا میری خدا کے آگے

شان میں جنکی یہ قرآں ہے حق نے بھیجا
اسکا عاشق ہوں یہ کہدونگا خدا کے آگے

ہجر میں تیرے نہیں صبر کی طاقت مجکو
کہدے یہ جا کے صبا ماہ لقا کے آگے

نعت گوئی کا تجھے شوق غنی ہو دل سے
سر بلند ہوگا حقیقت میں خدا کے آگے

دیگر

رسول زماں کی یہاں فاتحہ ہے
شہ لامکاں کی یہاں فاتحہ ہے

ادب سے کھڑے ہو نہ ہو بے ادب تم
شفیع امتاں کی یہاں فاتحہ ہے

درود اب پڑھو ل کے سب اے مسلماں
کہ شاہ زماں کی یہاں فاتحہ ہے

ہوا شان میں جسکے نازل یہ قرآں
اسی جان جاں کی یہاں فاتحہ ہے

نہ غلبہ ذرا ہو ترا مجھپہ اے خواب
کہ زندہ رواں کی یہاں فاتحہ ہے

مٹا یا نشاں لات و عزیٰ کا جسنے
اسی خوش بیاں کی یہاں فاتحہ ہے

غنی کرکے توبہ عبادت بجا لا
کہ مالک جناں کی یہاں فاتحہ ہے

در بیان مسخ صورت

یہاں ایک نادر سناتا ہوں میں
سراپا ہے سچی محبت تماہوں میں

اسے سنکے تم غور کرنا ! ذرا
کہ اگلی امم کا ہوا حال کیا

کرو خوف ہر وقت اللہ سے
کہ آخر ملوگے تم اللہ سے

لکھا ہے یہ فتح عزیزی سے حال
جو مشہور تفسیر ہے قیل و قال

ہیں ابن بکار صحابی زبیر
اور ہیں ابن مردویہ جو مرد خیر

صحابی اور ہیں دیلمی تیسرے
یہ تینوں صحابی جو ہم لکھ چکے

یہ کہتے ہیں تینوں حکایت ہے یہ
علی مرتضیٰ سے روایت ہے یہ

یہ جب میں نے پوچھا رسول زماں
کہ کتنی ہوئیں مسخ صورت یہاں

یہ فرمایا تیرہ ہیں صورت تمام
کیا عرض میں نے کہ عالی مقام

سب کیا ہوا ان کا فرمائیے
مجھے حال بھی ان کا بتلائیے

یکم فرمایا تھا مرد ظالم یہ تفصیل (دیا تھی)
تھی دولت بہت اُسکے ذیتعلق مرد
دوم خرس مرد مخنث یہ تھا
(دیکھو) یہ مردوں کو خود اپنے اوپر تمام
سوم خوک قوم نصاری تھی
یہودی جو تھی بوزنہ ہیں یہ چہار
یہ تھا مار ماہی دیوث مرد
ششم مرد دہقانی تھا سو منمار
طواط ایک مرد ہفتم تھا جب
تھا ہشتم یہ کژدم زبان دراز
نہم تھا عموص ایک مرد جعل خور
وہ ہوتا ہے دریا میں اک جب نور
دہم ایک عورت تھی یہ عنکبوت
یہ خرگوش تھی عورت سے یازدہ
کہ تھا بارھواں ایک سہیل جو کی دار
کہ ہے سیزدہ زہرہ دختر شاہ
کہ ہے اگلی امتوں کا یہ حال
بچائے خدا ہر بلا سے یہاں
یہ ہے شان حضرت محمد رسول
یہ آیت محمد کی ہے شان میں
رکوع ہے سجدہ اور پارہ نوال
اس امت یہ خالق کا انعام ہے
نہ ہے مسخ صورت نہ کچھ ہے عذاب

تھی عادت لواطت کی بیحد ذلیل
گنہ سے نہ چھوڑا غرض بیحد مرد
کہ آراستہ مثل زن ہوتا تھا
مسلط کیا کرتا تھا لا کلام
وہ کفرانِ نعمت بمائدہ ! تھی
کہ کرتے تھی ہفتہ کی دن یہ شکار
تھا دلال جو زن کا از غیر مرد
وہ کرتا تھا حجاج کو لوٹ مار
کہ باغوں سے میوہ چراتا تھا سب
بچا اُس سے دنیا میں کوئی نہ یار
جدائی وہ ڈلواتا سب میں یہ غرور
جولاہہ اُسے کہتے ہیں با ہنر
کہ مارا تھا خاوند کو جادو کی ہوا
زکرتی کبھی غسل تھی حیض کا
یمن میں کیا کرتا تھا لوٹ مار
تھے ہاروت و ماروت جس پر تباہ
جو حکم عدولی سے تھیں پائمال
نہ تکلیف ہو ہمکو کچھ بھی یہاں
کہ صدقہ سے ہے آپکے سب حصول
وَاَنْتَ فِيهِمْ ہے قرآن میں
یہ قرآن میں دیکھلو بیگمان
ہمیشہ بخیر اس کا انجام ہے
کریں ایک نیکی ملیں دس ثواب

مباحثہ انسانی و نفس و شیطان

یہ قصہ ہے کچھ حال انسان کا ملا کے دیا ہے نفس و شیطان کا

اگر نفس دشمن ہے اس جان کا تو شیطان دشمن ہے ایمان کا

بدن میں یہ انسان کے بیگماں کہ ہے مثل خون شیطان یہاں

خیالوں سے بدفعلیوں سے مدام ڈگاتا ہے انسان کو لاکلام

مقابل میں انسان کے چند چیز یہ رکھتا ہے ہر دم سنو باتمیز

وَمَا یَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ پڑھو خدا جانتا ہے اپنا لشکر سنو

خدا کی صفت دیکھ رحمان رحیم ہے بہتر ہر ایک ایک سے اک کریم

ہے تقویم انساں کی احسن تمام بھرے بھید و حکمت ہیں بس لاکلام

بدن میں ہے انساں کے لشکر بھرا خدا جانے ہر قسم کا کیا ہے کیا

لڑائی غضب نفس و شیطاں کے پاس تو رحم خدا بھی ہے اب اپنے پاس

ہوا کا شتر پاس اسکے اگر نہ خواہش کا ہے اونٹ اپنا مگر

جو شہوت کا ہاتھی ہے شیطان کا ہے رنج مارنا نفس انسان کا

یہ کہتا ہے شیطان آدم کو کوٹ کہ لوں نیکی سب چھین ایمان لوٹ

وزیر اس کا کہتا ہے کبر و غرور کہ انسان کو کر دوں میں چور چور

ہوا کا شتر اسکا کہتا ہے یوں کہ شہوت میں انسان کو بیس ڈول

جہالت کا گھوڑا اخزانہ پہ دوڑ حسد کے پیادہ نے کی توڑ پھوڑ

کہا دل نے یہ نفس و شیطان سے پھرا ہے تو ہی علم رحمٰن سے

تکبر نے کھویا جو تیرا وزیر غرور اور کیا تو نے اے شریر

نہیں تو نے مانا تھا حکم خدا نہ آدم کو تھا تو نے سجدہ کیا

تو راندہ گیا اس سبب سے مدام پڑا طوق لعنت ہے تجھ پر تمام

جو شہوت کا ہاتھی ہے تیرا اگر ہے خالق کی رحمت کا ہمیرا تر

ہمارے وہی نفس کو مارتا جو شہوت کو تیری ہے دیتا مٹا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین و العاقبۃ للمتقین و الصلوۃ و السلام علی رسولہ محمد سید المرسلین و آلہ و عترتہ و اصحابہ الراشدین ۔ اما بعد واضح ہو کہ یہ نام ہیں سادات پاک کے کہ جنکا جاننا واجب ہے تمام اہل اللہ اور فقرا پر کہ ہر ایک امام کے کتنے فرزند ارجمند تھے اور کہاں پیدا ہوئے تھے اور کہاں کہاں شہید ہوئے اور کتنی مدت تک زندہ رہے اور اُنکے کہاں کہاں مزار ہیں اب جانو تم اے بھائیو اور سنو کہ جناب رسالتمآب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تین ۳ صاحبزادے اور چار ۴ صاحبزادیاں تھیں قاسم اور عبد اللہ اور ابراہیم اور فاطمہ اور زینب اور رقیہ اور ام کلثوم رضوان اللہ علیہم اجمعین قاسم اور عبد اللہ اور چار صاحبزادیاں حضرت خدیجۃ الکبری کے بطن سے مکہ شریف میں تولد ہوئے تھے اور ابراہیم مدینہ منورہ میں تولد ہوئے تھے اور سولہ مہینے کے تھے جب وفات ہوئی اور اُنکا مزار جنت البقیع میں ہے اور قاسم اور عبد اللہ دو دو مہینہ کے ہو کر انتقال کر گئے اُنکی قبریں جنت المعلی میں ہیں اور تین صاحبزادیاں قبل وفات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وفات ہوئیں اور حضرت فاطمہ زہرا رضہ نے بعد وفات رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال فرمایا اور جنت البقیع میں مدفون ہوئیں مگر قاسم اور عبد اللہ کی قبر جنت المعلی میں ہے ۔

حال حضرت ابوبکر صدیق رضی خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا

نام اصلی آپ کا عبد اللہ ہے بیٹے ابی قحافہ عثمان بن عامر کے ہیں عام فیل کے دو
برس بعد مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے اور وفات آپکی شب سہ شنبہ تیئیسویں ۲۳ جمادی الآخری
سنہ ۱۳ ہجری میں ہوئی کل مدت عمر آپکی ترسٹھ ۶۳ برس ہیں مدفن آپکا مدینہ منورہ میں برابر
مرقد انور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے اور نام آپکی والدہ کا آمنہ ہے
اولاد آپکی تین بیٹے اور چار لڑکیں۔ ایک خصوصیت آپ میں یہ ہے کہ آپ خود
صحابی آپکے والد صحابی آپکے بیٹے صحابی اور آپکے غلام صحابی ہیں اور آپ

حال حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

نام آپکا عمر بن الخطاب اور
پیدایش آپکی شب یکشنبہ غرہ محرم تیرہواں برس عام فیل سے۔ زخمی ہوئے ۲۷
ذالحجہ کو مدفون ہوئے غرہ محرم سنہ ۲۳ ہجری میں کل مدت عمر آپکی ترسٹھ ۶۳ برس مدفن
مدینہ منورہ میں برابر دوش حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے نام آپکی مادر کا
حنتمہ بنت ہاشم۔ اولاد آپکی نو ۹ صاحبزادے اور چار صاحبزادیں۔ آپکی زمانہ میں اسلام

حال حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ

نام آپکا عثمان بن عفان
اور کنیت ابو عبد اللہ پیدا ہوئے چھٹے برس عام فیل سے اور وفات ہوئی چودہویں
ذالحجہ روز جمعہ کو اور بعضے کہتے ہیں اٹھارویں ذالحجہ کو اور مدفن آپکا جنت البقیع میں
ہے مدینہ منورہ میں اور اولاد آپکی نو ۹ لڑکے اور سات لڑکیاں اور مدت عمر کل بیاسی ۸۲
برس۔ ذی النورین آپکا خطاب ہے اور آپ داماد ہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے

حال حضرت علی کرم اللہ وجہہ

نام آپکا جناب رسول خدا نے علی رضی رکھا
بیٹے ہیں آپ ابو طالب کے کہ رسول خدا کے چچیرے بھائی و داماد آپکے اٹھارہ بیٹے تھے

محسن[1] یحیی[2] عبداللہ[3] عثمان[4] سعید[5] ابراہیم[6] یہ چھہ بیٹے آپ کے سامنے فوت ہوئے
اور باقی فرزند یہ ہیں امام حسن امام حسین حنیف عباس عون عقیل زیاد
جعفر ابوبکر علی عمرو طلحہ عمیر حضرت حسن اور محسن اور حسین حضرت فاطمہؓ کے
کے بطن سے تھے محسن لڑکپن میں انتقال کر گئے۔ اٹھارہ بیٹیاں تھیں اور خلافت
آپکی پانچ برس اور نو مہینہ رہی اور قبر شریف آپکی نجف میں ہے۔ ابن ملجم ملعون کے
ہاتھ سے تلوار سے کوفہ میں صبح کی نماز میں شہید ہوئے۔ پھر حضرت امام حسن کی
امامت سات برس رہی آپ زہر سے شہید ہوئے سینتالیس[47] برس اور چار مہینہ
نو دن زندہ رہے اور مزار انور آپکا مدینہ منورہ میں حضرت فاطمہؓ کے پاس ہے
فرزند آپکے سولہ[16] تھے ذاکر[1] حسن[2] زکی سید[3] عابد مثنی[4] قاسم[5] طلحہ[6] اسمٰعیل[7] عبداللہ[8]
حمزہ[9] عبدالرحمن[10] عمرو[11] ابراہیم[12] عبید[13] ہاشم[14] عوف[15] سعید[16] اور انمیں سے چار کے اولاد
تھی باقی سب لاولد تھے۔ زیاد کے ایک بیٹا تھا اور مثنی کے ایک بیٹا تھا عبداللہ
نام۔ ابراہیم کے ایک دختر تھی عبداللہ کے ساتھ اسکا نکاح کیا تھا وہ گیلان میں
رہی جسکو جیلان کہتے ہیں اور سید عابد کی اولاد مدینہ منورہ میں رہی۔ حسن زکی کے
ایک بیٹا تھا امام حسینؓ کی بیٹی سے اسکا نکاح ہوا۔ چھہ[6] بیٹے امام حسنؓ کے امام حسینؓ
کے ہمراہ کربلا میں شہید ہوئے اور چار بیٹوں کی وفات امام حسنؓ کے روبرو ہوئی۔
ملک شام میں۔ دو بھائی اپنے چچا محمد حنیف کے ہمراہ دریائے شور کے جہاد میں شہید
ہوئے۔ دو بھائی حلب میں شہید ہوئے۔ دو بھائیوں نے مصر میں وفات پائی اور بعد
حضرت امام حسنؓ کے امامت حضرت امام حسینؓ کو ہوئی آپکی پیدائش مدینہ منورہ میں
پانچ ماہ شعبان کو ہوئی۔ عمر آپکی چھپن برس پانچ مہینہ اور چار دن کی تھی۔ آپکی

امامت ستا برس رہی - دشت کربلا میں عشرہ ماہ محرم کو ظالموں کے ہاتھ سے شہید
ہوئے - آپکا سر مبارک شمر ذالجوشن نے تن سے جدا کیا تھا - مرقد انور آپکا کربلا
میں ہے - آپکے چھ بیٹے تھے اور تین بیٹیاں علی اکبر علی اوسط علی اصغر جعفر علی
علی حمزہ زین العابدین - حضرت زین العابدین شہربانو کے شکم سے مدینہ منورہ میں
پیدا ہوئے تھے - بعد **شہادت** حضرت امام حسین کے **امامت** امام زین العابدین کو
پہونچی اور آپکی امامت پینتیس برس رہی عمر شریف آپکی ساٹھ برس چھ مہینہ پانچ دن کی
تھی - منصور بن محمد بن یزید کے ہاتھ سے ملک رے میں شہید ہوئے - نعش مبارک
آپکی مدینہ منورہ میں یہاں سے لیجا کر مدفون ہوئی - آپکے بیٹے آٹھ تھے - بیٹیاں تین
یا چار محمد باقر عبد اللہ حمزہ زید علی اصغر عبد الرحمن محمد اسحاق علی اوسط - امام
محمد باقر کی اولاد سب جگہ ہے اور عبد اللہ کی اولاد حجاز میں - حمزہ و زید لاولد تھے
علی اصغر کی اولاد بخارا میں - عبد الرحمن کی اولاد کشمیر میں - محمد اسحٰق کی اولاد شیراز
میں - علی اوسط کی اولاد بصرہ میں - بعد حضرت امام زین العابدین کے **امامت** حضرت
محمد باقر کو پہونچی - والدہ آپکی حمیرہ بانو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اولاد سے تھیں
عمر امام محمد باقر کی پچاس برس پانچ ماہ ایک دن کی تھی - چھ برس امامت کے بعد آپ احمد
دمشقی کے ہاتھ سے شہید ہوئے - مزار آپکا سادہا میں ہے ملک شام میں - آپکے تین
بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں امام جعفر صادق ابراہیم عبد اللہ - امام جعفر صادق
کی اولاد سب جگہ ہے - ابراہیم کی اولاد روم میں - عبد اللہ لاولد تھے - بعد
امام محمد باقر کے **امامت** امام محمد جعفر صادق کو پہونچی - آپنے چھ برس امامت
کی - غضبان کوفی کے ہاتھ سے شہید ہوئے - مرقد انور آپکا بطارمیں ہے - عمر آپکی

ساٹھ برس تھی - پیدایش آپکی مدینہ منورہ تھی - اولاد آپکی چار بیٹے - ایک بیٹی
امام موسیٰ کاظم اسحق علی مرتضیٰ محمد شاہ - امام موسیٰ کاظم کی اولاد سب جگہ ہے
اسحق کی اولاد چین وماچین میں - علی مرتضیٰ کی اولاد شیراز میں - محمد شاہ کی اولاد
احمد آباد میں - امام جعفر صادق کے بعد امامت امام موسیٰ کاظم کو پہونچی
آپ مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے - سات برس امامت کی - عثمان بن احمد دمشقی کے ہاتھ
سے شہید ہوئے - قبر آپکی شیراز میں ہے - عمر آپکی باون برس تھی - فرزند آپکے ۲۷
تھے - لڑکیاں ۲۲ - امام موسیٰ رضا سید احمد سید شاہ چراغ سید ہامن سید میر سید
سید عبداللہ سید عباس سید ہارون سید حسین برہنہ سید اسمعیل سید طیب سید محمد جعفر
سید اسحق سید حمزہ سید عبدالرحمن سید قاسم سید یحیی سید عبدالواجد سید عبدالواحد -
سید فضایل سید شاہ محمد سید فیروز سید محمد یعقوب سید علاؤالدین سید احرار زندہ پوش
سید حمید سید شرف الدین سید زکریا بیابانی سید صادق کرمانی سید علید سید حسن
سید عبدالحق ژولیدہ موے سید زاہد اکبرآبادی سید معروف کوہستانی سید عقیل گنجوری
سید تبریز گاوزروانی سید احمد طرطوسی - تفصیل انکی یہ ہے کہ اولاد موسیٰ رضا کی
سب جگہ ہے - اولاد سید احمد کی طرطوس میں ہیں - اسلیئے طرطوسی کہلاتے ہیں -
سید میر کی اولاد ماوراءالنہر میں - سید عبداللہ کی اولاد دکن میں - شاہ چراغ اور
اسمعیل وعباس وعمر وابراہیم ومحمد جعفر واسحق وحمزہ وعبدالرحمن وقاسم وسید یحیی
وعبدالواجد وعبدالواحد وسید فاضل وسید یعقوب وسید شرف الدین وسید حمید و
سید ابرار یہ اٹھارہ لاولد تھے - اولاد شاہ محمد کی غزنی میں ہے - اولاد سید فیروز شاہ
کی سبزکوہ میں ہے - سید زکریا کی اولاد خراسان میں ہے - سید محمد صادق کی اولاد ہمدان

میں ہے۔ سید عابد کی اولاد یغتان میں ہے۔ سید عبد الحق ژولیدہ مو کی اولاد ہردوان
میں ہے۔ سید زاہد کی اولاد اکبرآباد میں ہے۔ سید معروف کی اولاد نصیرآباد میں ہے
سید عقیل کی اولاد گنجہ میں۔ سید گاذروان کی اولاد گاذروان میں۔ بعد حضرت
امام موسیٰ کاظم کے **امامت** امام علی موسیٰ رضا کو پہونچی۔ آپکی امامت بیس برس
رہی۔ عمر آپکی پینتالیس برس نو مہینہ ایک دن۔ روضہ منورہ آپکا بغداد میں ہے۔
آپکے پانچ پسر اور ایک دختر تھی۔ ایک محمد تقی کہ انکی اولاد سب جگہ ہے دوسرے
محمد حسن کہ انکی اولاد برہان پور میں ہے تیسرے سید شاہ حسین کہ انکی اولاد سندھ میں ہے
چوتھے سید ابراہیم کہ اولاد انکی دکن میں ہے پانچویں سید جعفر شاہ کہ انکے ایک دختر
تھی عائشہ بی بی انکا نام رکھا تھا۔ بعد امام علی موسیٰ رضا کے **امامت** امام
محمد تقی کو پہونچی اور آپنے سولہ برس امامت کی۔ عمر آپکی پینتالیس برس چار مہینہ
کی تھی۔ طلحہ کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ روضہ آپکا مشہد میں ہے۔ فرزند آپکے
تین تھے۔ علی نقی سید موسیٰ سید امیر علی۔ علی نقی کی اولاد سب جگہ ہے۔ اولاد
سید موسیٰ کی بخارا میں ہے۔ اولاد سید امیر علی کی سندھ میں ہے۔ بعد امام محمد تقی کے
امامت امام علی نقی کو پہونچی اور بتیس برس رہی۔ آپکی عمر چالیس برس کی تھی۔
آپکا مرقد بغداد میں ہے۔ آپکے تین بیٹے تھے سید حسن عسکری سید شاہ حسین سید
اکرم شاہ۔ حسن عسکری کی اولاد سب جگہ ہے اور اولاد شاہ حسین کی چین میں
اولاد سید اکرم شاہ کی بنگش میں۔ بعد حضرت امام علی نقی کے **امامت** حضرت
امام حسن عسکری کو پہونچی پیدا ہوئے آپ سامرا میں اور سامرا ایک موضع ہے
بغداد میں۔ آپکی امامت چھ برس رہی۔ عمر آپکی اٹھائیس برس کی تھی آپکی قبر بغداد

میں ہے۔ آپکی اولاد میں دس فرزند تھے سید ہاشم[1] سید قاسم[2] سید احمد[3] حارس سید حنیف[4] سید باقر[5] سید جعفر[6] سید عارف[7] سید زاہد[8] سید عابد[9] سید حمید[10]۔ سب صاحبزادے آپکے ہمراہ شہید ہوئے۔ مگر حضرت حمید خلق کی نگاہوں سے غائب ہو گئے۔ سید حمید کے ایک صاحبزادے سید عبد اللہ انکا نام تھا انکی خبر سوائے خدا کے کسی کو نہیں ہے۔ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ انہیں عبد اللہ کے بیٹے ہونگے۔ **وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ**

بارہ اماموں کا ذکر تمام ہوا فقط۔ **یہ چودہ امام معصوم یہ ہیں** اول[1] جناب حضرت رسالتمآب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے[2] حضرت علی کرم اللہ وجہہ تیسرے[3] حضرت فاطمہ زہرا رضہ چوتھے[4] حضرت امام حسنؓ پانچویں[5] حضرت امام حسینؓ چھٹے[6] حضرت امام زین العابدین ساتویں[7] حضرت امام محمد باقر۔ آٹھویں[8] حضرت امام محمد جعفر صادق نویں[9] حضرت امام موسی کاظم۔ دسویں[10] حضرت امام موسی رضا۔ گیارھویں[11] حضرت امام نقی۔ بارھویں[12] حضرت امام نقی۔ تیرھویں[13] حضرت امام حسن عسکری۔ چودھویں[14] امام آخرین حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہم اجمعین۔ **یہ چودہ معصوم یہ ہیں** اول[1] محمد اکبر بن علی مرتضیٰ برادر حضرت امام حسن و حسین کہ بعد تین برس کے طلحہ ابن غنام کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ قبر انکی جنت البقیع میں ہے۔ دوسرے[2] عبد اللہ بن امام حسن کہ سات برس کی عمر میں طلحہ مذکور کے ہاتھ سے شہید ہوئے قبر انکی جنت البقیع میں ہے۔ تیسرے[3] حضرت عبد اللہ اصغر بن امام حسین دو برس کی عمر میں پیاس کی شدت سے عبد الرزاق دمشقی کے ہاتھ سے بضرب تیر حضرت امام حسینؓ کی گود میں شہید ہوئے۔ آپکی قبر کربلا میں ہے چوتھے[4] قاسم بن حسنؓ بن علی مرتضیٰ تین برس کے سن میں ضرب تیر سے شہید ہوئے آپکی قبر کربلا میں ہے۔ پانچویں سید عابد بن امام حسن چھ برس کی عمر میں احمد بن

کے ہاتھ سے شہید ہوئے قبر آپکی مدینہ منورہ میں ہے۔ چھٹے قاسم بن امام زین العابدین بن امام حسین ہیں۔ دو برس کے تھے کہ یزید نے انکو قتل کیا قبر آپکی کربلا میں ہے۔ ساتویں علی اصغر بن امام محمد باقر چھ سال کی عمر میں تھے کہ احمد دمشقی کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ قبر آپکی ملک رے میں ہے موضع سادہا میں۔ آٹھویں عبد اللہ بن امام جعفر صادق تین برس کی عمر میں غربان کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ قبر آپکی بطار میں ہے۔ نویں یحییٰ بن جعفر صادق ہیں۔ چھ برس کی عمر میں کوفیوں کے ہاتھ سے شہید ہوئے بغداد میں آپکی قبر ہے۔ دسویں صالح محمود بن حضرت امام موسیٰ کاظم آپ یوسف بن محمد دمشقی کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ آپکی قبر رے میں ہے۔ گیارہویں طیب بن امام موسیٰ کاظم ہیں۔ آپ سات برس کی عمر میں عمر دمشقی کے ہاتھ سے شیراز میں شہید ہوئے۔ آپکی قبر شیراز میں ہے۔ بارھویں جعفر بن امام محمد تقی ہیں۔ آپ پانچ برس کی عمر میں طلحہ کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ آپکی قبر مولا میں ہے۔ تیرھویں قاسم بن علی النقی بن محمد تقی ہیں۔ آپکو پانچ برس کی عمر میں طلحہ نے شہید کیا۔ آپکی قبر مولا میں ہے۔ چودھویں سید احمد حارس بن امام حسن عسکری کہ سات برس کی عمر میں بغداد میں شہید ہوئے۔ وہیں قبر ہے۔ تمام ہوا ذکر بارہ اماموں کا اور چودہ معصوموں کا۔ یہ سب شریعت و طریقت و معرفت و حقیقت کے امام تھے۔ پس جو کوئی انکے خلاف ہے وہ ہرگز فقیر نہیں بقول شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ ؎ خلاف طریقت بود کاولیا۔ تمنا کنند از خدا جز خدا۔ اسکو فقیری کے سجادہ پر بیٹھنا حرام ہے فقرا کی مجلس میں بیٹھنا اور خرقہ پہننا لقمہ کھانا گداگری کرنا ہرگز درست نہیں ہے جو شرع کے مخالف ہے وہ فقیر نہیں بلکہ شیطان ہے۔ اگر وہ پانی پر چلے یا ہوا پر

اڑائے بقول سعدی علیہ الرحمۃ ؎ خلاف پیمبر کسے رہ گزید کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید
ذکر کرسیا جدی خواجہ معین الدین چشتی ۔ خواجہ معین الدین چشتی بن عثمان بن سید
غیاث الدین بن سید احمد بن سید طاہر بن سید عبد العزیز بن سید ابراہیم بن سید امام
موسی رضا بن حضرت امام موسی کاظم بن حضرت امام جعفر صادق بن امام محمد باقر
بن امام زین العابدین بن سید الشہدا امام حسین بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ بن
ابوطالب بن عبد المطلب **ذکر** کرسیا حضرت پیران پیر شیخ محی الدین جیلانی بن سید
ابو صالح بن سید عبد اللہ بن یحییٰ بن داؤد بن موسی الجہول بن سید عبد اللہ محض
بن سید حسن مثنی بن حضرت امام حسن بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ رضوان اللہ علیہم
ذکر کرسیا سید جلال بلوٹ ۔ شاہزادہ بلوٹ اول شاہ چراغ بن شاہ چراغ بن
شاہ سید گل شیر بن سید باقی شیر بن ذبکا جلال الدین بن سید شاہ عیسی قتال بن
سید شاہ عبد الرحمن فرانجش بن سید شاہ حاجی عبد الوہاب بن سید شاہ قطب الدین
بن سید شاہ چند بن شہنشاہ عبد الرحمن کبیر بن سید شاہ کریم الدین بن شاہ
نور الدین بن سید حسین بن سید ابو صالح بن سید غوث بن جلال بخاری بن سید علی
اہل بیت بن سید جعفر بن سید محمد بن سید محمود بن سید احمد بن سید عباد بن سید علی ذاکر
بن سید جعفر ثانی بن امام محمد تقی بن امام موسی رضا وعلی ہذا القیاس تمام شد ۔
حضرت سید جلال بخاری کے تین بیٹے تھے ۔ سید احمد کبیر دوسرے سید محمد غوث انکی اولاد
بلوٹ میں ہے ۔ تیسرے سید علی لاولد تھے خراسان میں فوت ہوئے ۔ حضرت مخدوم جہانیاں
جہاں گشت بن سید احمد کبیر بن جلال بخاری رحمۃ اللہ علیہ متعلق بیان مذکور ۔
مذکور سلسلہ چشتیہ شاہ شرف الدین بوعلی قلندر مرید شاہ شہاب الدین جانشین

ہوائی کے وہ مرید خواجہ عماد الدین ابدال کے وہ مرید خواجہ بدرالدین غزنوی
کے وہ مرید خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے وہ مرید خواجہ معین الدین چشتی کے
وہ خواجہ عثمان ہارونی کے وہ خواجہ حاجی سید شریف زندانی کے وہ خواجہ مودود
چشتی کے وہ خواجہ ابو محمد چشتی کے وہ خواجہ ابو اسحق شامی کے وہ خواجہ
ممتازی فلودینوری کے وہ خواجہ ابوہریرہ انصاری کے وہ خواجہ حذیفہ
مرعشی کے وہ خواجہ ابراہیم ادہم کے وہ مرید فضیل بن عیاض کے وہ خواجہ
عبدالواحد ابن زید کے وہ حضرت خواجہ حسن البصری کے وہ حضرت علی کرم اللہ
وجہہ کے وہ مرید جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے۔

ذکر چار پیر چودہ خانوادے کا۔ اول پیر حضرت علی کرم اللہ وجہہ
اول خانوادہ حضرت خواجہ حبیب عجمی۔ حبیب عجمی اولاد عبدالرحمن بن عوف
دوسرا خانوادہ شاہ بایزید بسطامی۔ دوسرے پیر سید محمد نقشبند رحمۃ اللہ
تیسرا خانوادہ شاہ معروف کرخی۔ چوتھا خانوادہ شاہ سری سقطی۔
پانچواں خانوادہ جنید بغدادی۔ چھٹا خانوادہ ابواسحق گازرونی۔ ساتواں
خانوادہ ابوالفرح طرطوسی اور تیسرے پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ
عنہ۔ آٹھواں خانوادہ فردوسیوں میں سے شاہ نظم الدین فردوسی۔ نواں خانوادہ
شیخ شہاب الدین سہروردی۔ دسواں خانوادہ چشتیوں میں خواجہ عبدالواحد بن زید
گیارھواں خانوادہ شیخ خواجہ فضیل بن عیاض رضی اللہ عنہ۔ بارھواں خانوادہ
خواجہ ابراہیم ادہم بلخی۔ چوتھے پیر ابواسحق چشتی۔ تیرھواں خانوادہ ابواسحق
چشتی۔ چودھواں خانوادہ ہبیریاں شاہ ہبیرت البصری۔ ان سب بزرگوں

کے بہت بہت خلیفہ ہوے ہیں اسکی تفصیل آگے بیان ہوگی لقد
تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ چار پیر سلسلہ کے ہیں۔ اول پیر حضرت
پیران پیر شیخ عبد القادر جیلانیؒ۔ خاندان قادریہ کے۔ دوسرے حضرت
خواجہ معین الدین چشتی سنجریؒ۔ خاندان چشتیہ کے۔ تیسرے حضرت شاہ
بہاء الدین نقشبندیؒ۔ خاندان نقشبندیہ کے۔ چوتھے حضرت شیخ شہاب الدینؒ
سہروردی۔ خاندان سہروردیہ کے۔ **سلسلہ پیری مریدی** یعنی بیعت
حضرت رسول مقبول خاتم النبئین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے حضرت
علی کرم اللہ وجہہ کو پہونچا۔ اُنسے حضرت حسن بصریؒ کو۔ اُنکے چار گروہ ہیں
اول گروہ خواجہ عبد اللہ علمؑ بردار۔ دوسرے خواجہ ادیس قرنی۔ تیسرے خواجہ
حاجی سرجانیؒ۔ چوتھے خواجہ فضیل بن عیاضؒ۔ حضرت حسن بصریؒ کے پانچ خلیفہ
تھے۔ اول خلیفہ عبد الواحد بن زید۔ دوسرے خلیفہ خواجہ حبیب عجمی۔ تیسرے خلیفہ
حضرت خواجہ عتبہ۔ چوتھے خلیفہ خواج ابن اُزید۔ پانچویں خلیفہ خواجہ محمد واسعؒ
اول خانوادہ خواجہ حبیب عجمی عبد الرحمٰن بن عوف کی اولاد میں۔ خواجہ حبیب عجمی کے
چار خلیفہ تھے۔ اول شاہ فتح اللہ۔ دوسرے داؤد طائی۔ تیسرے خلیفہ حضرت بایزید بسطامی
چوتھے شاہ عارف حسینی کوفی۔ دوسرا خانوادہ حضرت بایزید بسطامی طیفوری حضرت
بایزید بسطامی سے تین گروہ تھے۔ سات خلیفہ تھے اول خلیفہ شاہ مسعود خرقہ پوش
شکر پارہ۔ دوسرے خلیفہ شاہ محمد ہزار میخہ تیسرے خلیفہ شاہ ابراہیم خست پارہ۔ چوتھے خلیفہ احمد تھنید
صوفی۔ پانچویں خلیفہ شاہ ابوالحسن خرقانی چھٹے خلیفہ شاہ محمد مغربی۔ ساتویں خلیفہ شاہ
محمد طیبہ۔ تین گروہ یہ ہیں اول نقشبندیہ۔ دوسرا ستاریہ۔ تیسرا طبقاتی۔ تیسرا خانوادہ

حضرت معروف کرخی - آپکے سولہ خلیفہ تھے - اول شاہ محمد دوسرے شاہ قاسم بغدادی
تیسرے عثمان مغربی - چوتھے حمزہ خراسانی - پانچویں شاہ ابونصر ابرار - چھٹے شیخ فریدالدین عطار
ساتویں شاہ سری سقطی - آٹھویں شاہ جمال سمعانی - نویں ابوسعید نصرانی - دسویں ابوابراہیم
داؤدی - گیارھویں ابوالحسن ہارونی - بارھویں شاہ جعفر خلیدی - تیرھویں شاہ محمد رومی
چودھویں شاہ منصور عارف ابوکاتب - پندرھویں شاہ عبدالحق حقانی آگاہ - سولویں شاہ علی
رودباری - چوتھا خانوادہ حضرت سری سقطیؒ - حضرت سری سقطیؒ کے دس خلیفہ تھے
اول خلیفہ حضرت جنیدؒ بغدادی - دوسرے شاہ ابومحمد تیسرے احمد شاہ سری عرف شیخ کبیر
چوتھے شاہ حرجیوں پانچویں شاہ ابوالعباس مظروف - چھٹے شاہ ابوحمزہ - ساتویں شاہ ابو
نوری - آٹھویں شاہ فتح الموصلی - نویں شاہ عبداللہ احرار - دسویں شاہ سعید ابرار - پانچواں خانوادہ
حضرت شیخ جنید بغدادی - انکے پانچ گروہ تھے اول گروہ نعمت اللہ شاہی - دوسرا سعید
رقانی - تیسرا جنیدی - چوتھا سقطیانی - پانچواں دینوری - دوسرے پیر حضرت بہاءالدین
نقشبند ہیں وہ مرید ہیں خواجہ علاءالدین کے - اور سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی کے چار خلیفہ تھے
اول خلیفہ حضرت ابوبکر شبلی دوسرے حضرت منصور ابرار صبا دار ہوئے انا الحق کہنے کے سبب
تیسرے خلیفہ شاہ محمد بن اسود دینوری - چوتھے شاہ اسمٰعیل - چھٹا خانوادہ حضرت ابوبکر
شبلی کے دو خلیفہ تھے - اول خلیفہ ابوالحسن نیمالم - دوسرے خواجہ عبدالواحد یمنی عبدالواحد
یمنی کے تین خلیفہ تھے - اول خلیفہ شیخ ابی الفضل - دوسرے عبداللہ حقیقی تیسرے شاہ
نعمت اللہ ولی - خواجہ شیخ ابوالفضل کے دو خلیفہ تھے - اول خلیفہ حضرت شیخ ابوالفرح
طرطوسی - انکے تین خلیفہ تھے - اول خلیفہ خواجہ ابی الحسن قریشی الہنکاری - دوسرے شاہ
سعید سقرفی تیسرے شاہ مبارک المخزومی - حضرت غوث الاعظم سید محی الدین شیخ

عبدالقادر جیلانی کے پانچ خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ شیخ عبدالرزاق جیلانی۔ دوسرے شاہ ابراہیم تیسرے شاہ سید عبدالعزیز۔ چوتھے خواجہ احمد نورالدین کہ مکان اُنکا شاہدرہ ملک پنجاب ہے۔ پانچویں خلیفہ سید فاضل شاہ قلندر گھڑناہی۔ شاہ قلندر مذکور کے چار خلیفہ تھے۔ اول شاہ حیات میر قلندر سید احمد بادیائی۔ بابا بھوڈن گروہ میران خیل مکان اُنکا ملک دکن میں تھا۔ دوسرے شاہ بہلول دانا بحر دریائی تیسرے حاجی قاسم شاہ سلیمان جنڈال گڑہی بنارسی مکان اُنکا جنڈال کڑہ میں تھا اور وہ مشہور تھے۔ حاجی شاہ قاسم لنگوٹہ بند کہ سیاہ رومال کا لنگوٹ باندھتے تھے۔ چوتھے شاہ نظام الدین فردوسی۔ آٹھواں خانوادہ حضرت نظام الدین فردوسی ہیں اور اُنکے تین خلیفہ تھے اول خلیفہ شاہ شرف جہانیاں۔ دوسرے خاکی شاہ تیسرے نظم الدین شاہ فردوسی بدہن شاہی۔ نواں خانوادہ سُہروردیا کے ہے شیخ شہاب الدین سہروردی۔ اُنکے چھے خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ شاہ احمد مرتضی آنند۔ دوسرے ابو محمد دولا شاہی۔ تیسرے نصیر الدین فقیر شاہی چوتھے خلیفہ ابوالفتح لوحانیاں۔ پانچویں ضیاءالدین ابوطالب سہروردی چھٹے حضرت شیخ سعدی شیرازی پیر معرفت کے۔ اور کبیر شاہی اور میراں پہل تن وسدا سہاگ وجلالیاں و پاگل نتنھی وجلال منیتی۔ ان سب کا سلسلہ سہروردیوں میں ہوکر حضرت خواجہ نظام الدین فردوسی میں جاملا ہے۔ فردوسیوں میں سات گروہ ہیں۔ اول گروہ حبیب شاہی۔ دوسرا مخدوم میا نوح کشتی تیسرا حیرجہانیاں چوتھا امام الطف اللہ۔ پانچواں رزاق شاہی چھٹا شیدا شاہی۔ ساتواں شیرازی اور سہروردیوں میں اور گروہ یہ ہیں ایک کبیر یاں کا۔ ایک کلاہ باندوں کا۔ ایک کونڈا بنتھیوں کا۔ دسواں خانوادہ چشتی شاہ خواجہ عبدالواحد بن زید۔ اُنکے تین خلیفہ ہیں

اول خلیفہ شاہ عبدالرزاق - دوسرے شاہ خواجہ فضیل بن عیاضؒ اور اُنکے آٹھ خلیفہ
تھے اول خلیفہ حضرت ابراہیم ادہم شاہ بلخ - دوسرے عبدالعدبن مبارک - تیسرے
خواجہ حاجی مرجانی - چوتھے خواجہ عطاری زنجانی - پانچویں یزید بن ارقم - چھٹے خواجہ
زامیان کجکلاہی - ساتویں خواجہ عبداللہ سنجری - آٹھویں مقیم شاہ محکم شاہی مکان اُنکا
محرمیں تھا - بارھواں خانوادہ حضرت ابراہیم ادہم شاہ بلخی - اُنکے تین خلیفہ ہیں اول
خلیفہ خواجہ حمیدالدین شاہ - دوسرے خواجہ حذیفۃ المرعشی تیسرے خواجہ شقیق بلخی -
تیرہواں خانوادہ جیبریوں میں ہوے شاہ عبداللہ جیبر بصری - اُنکے تین خلیفہ تھے اول
خواجہ ابواسحق گاذروانی - دوسرے خواجہ اسود دینوری تیسرے خواجہ محمد سجاج جیبری
اور خواجہ ابواسحق گاذرونی کے پانچ خلیفہ تھے - اول خلیفہ خواجہ ممشاد دینوری
دوسرے شاہ نعمت اللہ شاہ تیسرے شاہ ابو محمد - چوتھے حاجی سید شریف زندانی - پانچویں
شاہ ابوسعید رفائی - خواجہ ممشاد دینوری دو خلیفہ تھے - اول خواجہ ابواسحق چشتی
دوسرے خواجہ احمد شاہ چشتی - چودھواں خانوادہ خواجہ ابواسحق چشتی - اُنکے چار خلیفہ
تھے اول خلیفہ خواجہ ابو محمد شاہ چشتی - دوسرے خلیفہ خواجہ احمد سنجری تیسرے شاہ ابو یوسف
مودود چشتی - چوتھے شاہ خواجہ عثمان ہارونی - خواجہ عثمان ہارونی کے پانچ خلیفہ تھے
اول حضرت خواجہ معین الدین چشتی دوسرے شاہ محمد طرق - تیسرے شاہ نظام الدین چشتی
چوتھے شاہ سعید لنگوج - پانچویں شاہ حسن بصری سنجری - تیسرے پیر خواجہ معین الدین
چشتی سنجری ہیں - اُنکے تیرہ خلیفہ ہیں تھے - پانچ گروہ تھے - اول گروہ نظامیاں دوسرا
گروہ صابریاں تیسرا گروہ کریمیاں چوتھا یمین شاہی - پانچواں بندہ شاہی - اور
خلیفہ یہ ہیں - اول خلیفہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نور عالم - دوسرے خواجہ سید

(۳) تیسرے خواجہ ابو احمد بصری - گیارہواں خانوادہ شاہ فضیل بن عیاض)

سالار مسعود غازی۔ تیسرے خواجہ عبداللہ عرف ٹاچھال۔ چوتھے خواجہ حسن خیابانی۔ پانچویں خواجہ شمس الدین۔ چھٹے خواجہ سید سلیمان غازی۔ ساتویں خواجہ محسن۔ آٹھویں خواجہ برہان الدین۔ نویں خواجہ احمد۔ دسویں خواجہ حمید الدین۔ گیارھویں خواجہ سید وحید الدین۔ بارھویں خواجہ حمید الدین ناگوری۔ تیرھویں خواجہ نظام بندگی۔ اور حضرت قطب الدین بختیار کاکی کے گیارہ خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ حاجی [illegible] بانی۔ دوسرے خلیفہ شیخ فرید الدین شکر گنج۔ تیسرے قاضی حمید الدین ناگوری۔ چوتھے ابو محمد بنجہ بردار۔ پانچویں خواجہ حسن۔ چھٹے شاہ مینا۔ ساتویں فیروز شاہ۔ آٹھویں مولانا فخر الدین حلوائی۔ نویں محمد سیارے۔ دسویں مولانا محمود حجائری۔ گیارھویں خواجہ شہاب الدین رضی اللہ عنہم اور شیخ فرید الدین شکر گنج کے تیرہ خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ حضرت نظام الدین اولیا۔ دوسرے خواجہ علی احمد صابر۔ تیسرے خواجہ نصیر الدین۔ چوتھے خواجہ ایوب۔ پانچویں خواجہ بدر الدین۔ چھٹے خواجہ دہاروں۔ ساتویں خواجہ علی اشکاک۔ آٹھویں خواجہ زکریا حلوائی۔ نویں خواجہ زین الدین۔ دسویں خواجہ محمد سراج۔ گیارھویں خواجہ جمال عاشق ہوائی رضی اللہ عنہم۔ بارھویں جمال الدین عاشق صحرائی۔ تیرھویں نظام الدین ثانی بن باسی۔ اور حضرت نظام الدین اولیا کے پندرہ خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ خواجہ سراج عثمان لاہوری۔ دوسرے نصیر الدین چراغ دہلوی۔ تیسرے خواجہ لطیف الدین۔ چوتھے مولانا خواجہ شمس الدین یحییٰ۔ پانچویں خواجہ بہاء الدین گرد۔ چھٹے مولانا قطب الدین منصور۔ ساتویں مولانا سالار۔ آٹھویں سید خواجہ حسین۔ نویں خواجہ امیر خسرو دہلوی۔ دسویں خواجہ وجیہ الدین۔ گیارھویں خواجہ یعقوب بیابانی۔ بارھویں خواجہ شاہ ونور۔ تیرھویں فرید الدین سراج الحق۔ چودھویں عبید اللہ احرار۔ پندرھویں خواجہ شاکر گنج

اور خواجہ عثمان لاہوری کے دس خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ محمد شاہی۔ دوسرے خواجہ صدر الدین
مخدومی۔ تیسرے سید محمد ابرار۔ چوتھے خواجہ معین الدین حرار۔ پانچویں قاضی مقتدار۔ چھٹے
خواجہ حمید لاہوری۔ ساتویں خواجہ الیاس۔ آٹھویں مخدوم جہانیاں جہاں گشت
اولاد سید جلال الدین بخاری کی۔ نویں خواجہ سید بندہ نواز گیسو دراز۔ دسویں علاء الدین
بن اسعد لاہوری۔ اور شیخ علاء الدین بن اسعد کے نو خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ خواجہ
جمال الدین مغربی۔ دوسرے شاہ کمال الدین بیابانی۔ تیسرے خلیفہ شاہ عطاء اللہ۔ چوتھے
شاہ امین الدین۔ پانچویں شاہ میراں جی۔ چھٹے خواجہ شمس العاشق۔ ساتویں سید شاہ
برہان الدین۔ آٹھویں سید علی شاہ۔ نویں خواجہ نور قطب عالم رضی اللہ عنہم۔ اور خواجہ نور
قطب عالم کے نو خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ خواجہ بابا حسین در ہلنگی۔ دوسرے شاہ قادر گویلی
تیسرے خواجہ مستان شاہ سانڈی۔ چوتھے خواجہ محمد شاہ خورشید صاحب مکان دیوگڑھ در حیاد۔
پانچویں باعبداللہ غنی دہلوی۔ چھٹے شاہ مراد حوالی حیدرآباد کی۔ ساتویں شاہ حسام الدین
مانکپوری۔ آٹھویں شاہ برہان الدین جنجولی رضی اللہ عنہم۔ اور شیخ حسام الدین مانکپوری
کے تین خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ خواجہ سید راجی حامد شاہ۔ دوسرے خواجہ شاہ عارف باللہ
خدانما۔ تیسرے خواجہ بہرام شاہ۔ اور سید خواجہ راجی حامد شاہ کے دو خلیفہ تھے۔ اول
خلیفہ خواجہ حسن بن طاہر اور دوسرے خلیفہ شاہ رکن الدین شاہی۔ اور خواجہ حسن بن طاہر کے
تین خلیفہ تھے۔ اول خلیفہ خواجہ قاضی خان ناصحی۔ دوسرے شاہ کلن شاہی۔ تیسرے شاہ بھولا
مسکین۔ قاضی خان ناصحی کے تین خلیفہ تھے۔ اول خواجہ شیخ عبدالعزیز۔ دوسرے شاہ
نور علی بخاری۔ تیسرے خلیفہ خواجہ بابا سیرانی شاہ گولارسی۔ اور شیخ عبدالعزیز کے دو خلیفہ
تھے۔ ایک سید عبداللہ۔ دوسرے سید عظمت اللہ اکبرآبادی۔ اور سید عظمت اللہ اکبرآبادی کے

ایک خلیفہ تھے شیخ نجم الحق چپاؤسی۔ دوسرے شیخ عبدالرحیم۔ تیسرے شاہ رفیع الدین۔ شیخ عبدالرحیم کے خلیفہ۔ شاہ ولی اللہ۔ شاہ ولی اللہ کے خلیفہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے خلیفہ حضرت سید امیر المومنین و امام المسلمین سید احمد غازی فی سبیل اللہ۔ **سوال** چار تکبیریں کون سی ہیں۔ چار پیر شریعت کے اور چار پیر طریقت کے اور چار پیر حقیقت کے اور چار پیر معرفت کے کون ہیں اور چار پیر مذہب کے اور چار پیر رکن اور چار پیر مشفق اور ایک پیر شفیق اور تین پیر خیرخواہ اور آدھا پیر کون ہے اور تکبیر لقا اور تکبیر فنا اور تکبیر رضا اور تکبیر صفا اور تکبیر ملکی اور تکبیر موقوف اور تکبیر فرض اور تکبیر واجب اور تکبیر سنت اور تکبیر مستحب اور تکبیر قبلہ اور تکبیر محراب کیا ہیں۔

جواب چار تکبیریں یہ ہیں اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔ اور یہ چار تکبیریں چار پیغمبروں پر اتری ہیں۔ اول تکبیر حضرت آدم پر۔ دوسری حضرت نوح پر۔ تیسری حضرت ابراہیم پر۔ چوتھی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر۔ اور چار پیر شریعت کے یہ ہیں اول حضرت موسیٰ کہ اللہ جل شانہ نے انکو کتاب توریت عنایت کی۔ دوسرے حضرت داؤد کہ انکو کتاب زبور مرحمت ہوئی۔ تیسرے حضرت عیسیٰ کہ ان کو کتاب انجیل عطا فرمائی۔ چوتھے جناب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہ آپ پر اللہ جل شانہ نے قرآن شریف نازل کیا علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ اور چار پیر طریقت کے چاروں خلیفہ برحق ہیں۔ اور چار پیر حقیقت کے چار فرشتہ مقرب ہیں۔ حضرت جبرئیل و میکائیل و اسرافیل وعزرائیل علیہم السلام۔ اور چار پیر معرفت کے یہ ہیں اول حضرت خواجہ شمس تبریز۔ دوسرے حضرت مولانا روم۔ تیسرے شیخ فریدالدین عطار۔ چوتھے شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی۔ اور چار پیر مذہب کے یہ ہیں حضرت امام اعظم کوفی۔ امام شافعی۔ امام مالک۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ اور چار پیر رکن کے یہ ہیں اول خواجہ احمد یسوی۔ دوسرے امام علی موسیٰ رضا تیسرے شاہ ناصر امیر خسرو۔ چوتھے شیخ فریدالدین شکرگنج۔ اور چار پیر مشفق یہ ہیں اول باپ دوسرے خسر یعنی پدر عروس۔ تیسرے دادا۔ چوتھے استاد کسب علم وفن وصنعت۔ اور ایک پیر شفیق حضرت شیث نبی علیہ السلام ہیں کہ دوستی دنیا وآخرت انکی ایجاد ہے۔ اور

تین پیر خیر خواہ یہ ہیں اول پیر گناہوں سے توبہ کرنیوالا۔ دوسرے غسال۔ تیسرے قبر کھودنیوالا
اور آدا پیر حجام ہے۔ اور تکبیر بقا حضرت آدم علیہ السلام سے ہے کہ تمام دنیا کے رہنے والوں
کی جبتک کہ اولاد باقی ہے۔ اور تکبیر فنا حضرت نوح علیہ السلام سے ہے کہ تمام دنیا
کے رہنے والوں کو اللہ تعالیٰ سے دعا کرکے فنا کرادیا۔ تکبیر رضا حضرت ابراہیم علیہ السلام
سے ہے کہ آپ نے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو خدا کی راہ میں فدا کیا اور رضائے الٰہی پر راضی
رہے۔ اور تکبیر صفا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے کہ آپ نے تکبیر جہاد
سے بہت جاہلوں کو اسلام میں داخل کیا اور بسبب تابعداری کے پاک صاف ہو کر
گویا ابھی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ تکبیر بقا نماز
کی تکبیر ہے۔ اور تکبیر صفا ماں باپ استاد کی اطاعت سے ہے کہ بسبب اطاعت کے صفائی
گناہوں سے حاصل ہوتی ہے۔ اور تکبیر رضا گوسفندوں پر ہوتی ہے کہ وہ اپنی جان
دینے میں راضی ہوتی ہیں مثل حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے۔ اور تکبیر فنا اولیاء اللہ
کی ہے جو فنا فی اللہ ہوتے ہیں اور مرتے وقت تکبیر کہتے ہیں اور جان بحق تسلیم کرتے ہیں
اور تکبیر ملکی تکبیر پیغمبروں کی ہے کہ وہ عالم ظاہری سے نقل کر گئے اور وہ تکبیر انکی اولاد سے
رہی جیسے حضرت اسمٰعیل اور حضرت یعقوب اور حضرت یوسف اور حضرت حسن اور حضرت
امام حسین اور انکی اولاد سے رہی اور سوا انکے اوروں کو روا نہیں ہے۔ اور تکبیر قبلہ
ایمان ہے کہ ہاتھ نیاز کا بیچ درگاہ رب العزت کے ایمان کی دعا رکھتے ہیں کہ قبلہ گاہ
دعا کا ہے اور تکبیر محراب دعا کرنا جبتک کہ خدا کی طرف سب طرف سے عبادت کرکے کیونکہ خدا
کے سوا سب محتاج ہیں۔ **پس** تمام انبیا اور اولیا اور غوث اور قطب اور ابدال
اور اوتاد سب راہ حق پر ثابت قدم تھے اور لوگوں کو شریعت اور طریقت سکھاتے
اور اچھی باتوں کا حکم کرتے اور بری باتوں سے منع کرتے رہتے یہانتک کہ جان راہ
حق پر فدا کردی مگر کوئی کام اور کوئی کلام خلاف خدا اور رسول کے اُنسے صادر نہیں
ہوا۔ اور پیری مریدی کا سلسلہ اسی واسطے ہے تاکہ معلوم کریں کہ جو پیر اگر خلاف
شریعت ہیں تو انکے ہاتھ پر بیعت کرنا درست نہیں ہے۔ اسی لیے حضرت مولانا

مولوی معنوی فرماتے ہیں ؎ اے بسا ابلیس آدم روے ہست پس بہر دستے نہ باید داد دست — اور دس چیزیں فساد ایمان کی ہیں فقیر کو ہرگز نکرنا چاہئیں وہ یہ ہیں حرص اور طمع اور حرام اور غیبت اور جھوٹ اور حسد اور تکبر اور ریا اور بغض اور بخل۔ اور دس چیزیں ترقی ایمان کی ہیں۔ اول تقوی ظاہر و باطن۔ دوسرے سخاوت تھوڑی بہت تیسرے رضا بقضا و قدر۔ چوتھے بلا پر صبر کرنا۔ پانچویں شکر ہر نعمت پر۔ چھٹے عزلت۔ ساتویں صوف پوشی۔ آٹھویں تحمل کرنا ہر بڑے چھوٹے سے نویں تواضع کرنا۔ دسویں ہر شخص سے نیکی کرنا جب یہ سب خصلتیں ہوں تب اہل اللہ کے نزدیک فقیر ہوا۔ اور جسمیں یہ باتیں نہیں وہ فقیر ہرگز نہیں اور سجادہ نشینی کے لائق نہیں بقول شیخ سعدی علیہ الرحمتہ ؎ خلاف پیمبر کسے رہ گزید کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید اور جسکو فرض اور واجب اور سنت اور مستحب اور احکام اور ارکان نہیں معلوم ہیں اسکو سجادہ نشینی حرام ہے اور ایسا شخص جو شریعت کے خلاف ہے وہ روبرو فقرا اور اولیا اور انبیا اہل سلسلہ کے ذلیل اور خوار ہو کر قیامت کے دن جہنم میں پڑیگا نعوذ باللہ منہ

نظم

تھے جتنے اولیا اور غوث ابدال — اطاعت میں سبھی خالق کے ہر حال
نہ تھی انکو ذرا بھی خود پسندی — اطاعت سے ملی اُن کو بلندی
الٰہی ہمکو بھی تقوے عطا کر — طفیل بزرگان عفو ہم خطا کر
الٰہی رکھ سدا ہم سب کو دایم — رہ اسلام پر مضبوط و قایم
رسوم جاہلیت ہم سے کر دور — شریعت احمدی کا دل میں بھر نور
رہیں تا ہم بخوف و بیباک — طریق احمدی پر چست و چالاک
الٰہی ہم سے رہ تو خرم و شاد — بحق مصطفےٰ و آل امجاد

بتاریخ بستم ماہ جمادی الثانی ۱۲۹۹ھ روز سہ شنبہ تمام شد۔ یہ رسالہ جمع کیا ہوا آنے دانندۂ راہ شریعت واقف اسرار طریقت شیخ عبد اللہ شاہ خلیفۂ حضرت میاں جی محمد حسین رح صاحب مرحوم کا اس خاکسار نے چھپایا ہے۔ آپ خلیفہ ملی حضرت سید احمد صاحب بانداز بی سکے

الف با شریعت و طریقت

منظوم از طبع خاکسار حافظ عبد القدوس المتخلص بہ وفا

الف بے تیرلعت کی منظوم ہے
الف پر زبر زیر اور پیش ہے
یہ جو جزم و مد اور تشدید ہے
الف جیسے قایم ہے خود ذات سے
کرے وہ عبادت خدا کی سدا
ملے مرتبہ اُسکو جب زیر کا
جو پہچانے خود نفس اپنا تمام
عمل جب کیا مَنْ عَرَفْ پر دلا
جو انسان غالب ہوا نفس پر
تو پھر پیش کا اُسکو درجہ ملا
ہوے پیش اعمال سارے وہاں
ہو پہلے فنا شیخ اور پیر میں
کھلیں راز حق پھر تجھے بیگماں
ہو پھر بعد اسکے فنا فی الرسول
فنا شان حق میں ہو پھر ذی شعور
بفضل خدا گھاٹی طے ہو چکیں
مرو پہلے مرنے کے مرنا ضرور

طریقت کا رستہ یہ مفہوم ہے
خدا کا کرم ہم کو در پیش ہے
خدا کی طرف سے یہ تہدید ہے
ہو انسان کامل بھی اس بات سے
جو چلتا ہو سوتا ہو بیٹھا کھڑا
کرے نفس کو زیر انسان سدا
خدا کو وہ پہچانے بس لا کلام
عطا اُسکو درجہ زبر کا ہوا
زبر سے ہے مطلب یہ آیا ہنر
ہوا سامنے پیش یہ حق کے جا
ہیں تشدید کی تین گھاٹی وہاں
فنائے اتم ہے یہی ذات میں
نظر آئے شان خدا پھر عیاں
کرے اُسکو اللہ دل سے قبول
محبت کے ہو جام سے پر سرور
پکڑ رسی مضبوط حبل المتین
سُنو مُوتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا ضرور

ملا مرتبہ اُسکو اب جسم کا
ہوا قدر کی تب وہ مثل ہلال
ملا مرتبہ مد کا جوں آفتاب
ہوا خلق پر سایہ افگن مدام
ہوا نور میں نور مل سرفراز
الف کے مراتب خدا طے کرے
تو کر ت سے توبہ کے درجہ عطا
عطا ج سے کر دے تو جمال
تو دے خ سے اب مرتبہ خیر کا
تو دے دال سے ہمکو پوری دلیل
ذکاوت ذ سے ہمکو تو علم و ادب
تو کر ر سے رحمت عطا ز سے مال
ہمیں س سے ہر سعادت تو بخش
تو دے ص سے صدق ہمکو کمال
طراوت تو دے ط سے سلم پر
تو دے عین سے ہمکو علم الیقین
غنی کر دے تو غ سے یا غنی
تو دے ف سے دارین کی فلاح
عطا ق سے کر تو قربت تمام
عطا ک سے لطف اپنا تو کر
تو دے م سے موعظت نیک پند
تو دے و سے وصل اپنا کمال
عطا کر یقین ی سے اپنا کمال

ہوا دل سے مائل جب اس عزم کا
نظر آیا وہ بدر گیندن کمال
کھنچا شکل مد ۲ منکے جوں ماہتاب
ہوئی دور تاریکی غفلت تمام
خدا جانے کیا بھید ہے اور راز
تو پھر ب سے برکت کے درجے ملے
ثواب اور دے ث سے ہمکو خدا
تو دے ح سے حکمت کا ہمکو مقال
دکھا دے مزہ ہمکو اب سیر کا
نہ کر ذال سے مرتے دم تک ذلیل
کریں رات دن تیرا ہم شکر رب
زکوٰۃ ہر گھڑی دیویں ہم مال و جال
شفا ش سے ہر مرض کی تو بخش
ضیا ض سے روشنی ذوالجلال
ظفر دے تو پھر ظ سے نفس پر
کہ عین الیقین اور حق الیقین
تو ہے لائق کبریا و غنی
عطا کر ہمیں نیک اچھی صلاح
کرم کی صفت ک سے لاکلام
محبت سے اپنی تو سرشار کر
تو دے نون سے نور و خدمت پسند
تو ہ سے ہدایت دے یا ذوالجلال
عنایت سے کر دے ہمیں مالامال

یہی پڑھ کے کرتے ہیں قرآں دعا — ہمیشہ تو قرآں میں دل کو لگا
رہے رات دن بس یہی مشغلا — ملے اجر اچھا بروز جزا
رہے چور الفت میں تیری وفا — تڑپتا رہے ہر گھڑی اے خدا
خدایا ہو مقبول میرا کلام — طفیل محمدؐ علیہ السلام
طفیل صحابہ و ہم آل خاص — کرے فائدہ اس سے ہر عام و خاص

مکان طریقت و مکان آخرت

ہے لازم بشر کو یہ اے ذی شعور — مکاں آخرت کا بنائے ضرور
مکان طریقت کے سامان ہیں — دُر بے بہا ہیں یہ ذی شان ہیں
صد افسوس بس ہمت کو مت ہارنا — ہے لا تقنطوا دل کو مت ہارنا
زمیں معرفت کی ہے بانی رجا — بنا دے مکاں اب تو پورا خدا
خطر کی ہے دیوار ہمت کی کہگل — ستوں چار اسکے یہ ہیں مشتمل
توکل ستوں ہے صدق انس چوتھا یقیں — یہ دروازہ ہیں چار کر لے یقیں
کہ ہے علم و حلم اور عزت یقیں — گھسو غا جنری سے ہمیشہ حسیں
ہے ایماں کی چھت درخت وقار — فراست کا دن - رات عصیاں شمار
بنا شوق کا مہد الفت کا ماہ — ملے تا کہ عقبیٰ میں اور عز و جاہ
لگا تخم الفت کا بس دل میں خوب — خدا کی محبت میں تو ڈوب ڈوب
لگی علم کی اور حکمت کا پھل — محبت کی لے برق اور کر عمل
بن کر مکاں اس میں عالی جناب — لگا فکر کا قفل چوں آفتاب
مبارک ہو سب کو فقیری مکاں — خدا کا ہے دیدار ہر وقت یکساں

کلید مقاصد خدا کا ہے ذکر خدا
یا تو کر سب کی پوری مراد
اسی سے ہے کھلتا ہر اک رنج و فکر
و فا ہووے آباد الفت میں شاد

ادویات نسخہ فقیری

شروع عجز کا بیج دل میں لگا
تو پھر صبر کی چھال لا توڑ کر
بعد میں توفیق کے دستہ سے
لا صدق کا پانی با ہوش تو
ہوا سے تو تقوے کے پھر ٹھنڈا کر
یہ ہیں آٹھ چیزیں سمجھ بیگماں
یہ نسخہ کی دیکھے ہیں دس چیز اور
تو خشوع کی اور حسنِ کی جڑ کو لا
تو ڈال اوکھلی میں رضا کے انیس
تو پرہیزگاری کی ہانڈی میں کر
محبت کی پھر آگ سے جوش دے
پھر امید کے شکیے سے کر ہوا
شفا دے گناہوں سے پھر رب مدام

دیگر

پشیمانی کے برگ کیف ڈھونڈ لا
پر توبہ کے ہاون میں سب جوڑ کر
انہیں سب کو اچھی طرح کوٹ لے
محبت کی دے آگ میں خوش تو
پی نام حق لے کر سے خوش سر
کہ ہے فائدہ جس سے بیشک یہاں
گنہ کے مرض کی دوا نیک طور
تو توبہ کی سٹر کوٹ اس میں ملا
اور اسکو تو دست قناعت سے پیس
حیا کا الٹی پھر پانی آمیز کر
تو پھر کاسۂ شکر میں اسکو لے
تو غم خوار کے چمچہ سے پی با حیا
بروح نبی آل سب پر سلام

پہلا پرہیز

ور لے اس میں یہ پرہیز بھی ہے ضرور
اگر غصہ آئے حرام - اسکو کھائی حلال
ہوا دخل شیطان انسان میں
یہ فتح عزیزی میں ہے ذی شعور
کہ کھوتا ہے عقل و سمجھ کو کمال
سمجھ ہر گھڑی اس سے ہر آن میں

ہوا ہے غضب اور شہوت تمام
سمجھ تین چیزیں یہ عالی مقام

نتیجہ ہے شہوت کا حرص اور بخل
لگا ایسی باتوں کا پھر دل میں قفل

غضب کا ہے عجب و تکبر مآل
ہوا کفر و بدعت کی دل سے نکال

حسد ان سے ہوتا ہے پیدا ضرور
بتاتا ہوں رد انکا اسے ذی شعور

پڑھو بسملہ میں یہ اسم عظیم
کہ ہیں نام اللہ و رحمان رحیم

پڑھو دل سے یہ تین نام خدا
غضب دور ہو اور شہوت ہوا

نتیجہ ملا کر ہیں دس چیز سب
کہ ہوں دور شہوت ہوا اور غضب

خدایا بچا ان سے ہم سب کو تو
وفا کی تو کر پوری سب آرزو

طفیل رسول علیہ السلام
ہمارے تو کر پورے مقصد تمام

طفیل ابوبکر و عثمان عمر
طفیل علی کر مجھے بہرہ ور

یہی ہے مری آرزوئے دلی
کہ پاویں مرادیں سبھی امتی

دوسرا نمبر

فاتحہ کی سات آیت کرتی ہیں ان سبکو رد
کفر و بدعت اور تکبر حرص و بخل عجب و حسد

جو کہ بسم اللہ پڑھے پہچانے اللہ کو یہاں
بھاگے شیطاں اور ہوا اس سے زمیں از آسماں

گر پڑھے رحمٰن دل سے وہ غضب سے پاک ہو
سمجھے دل میں معنی رحمانیت سے جو

اور رحیمیت کو بسم اللہ و رحمن و رحیم
ظلم مت کر نفس پر بچ تو با فعال ذمیم

جب کہا الحمد للہ از خدا امثال ہوا
اور بت شہوت کو توڑا صبر و شکر حاصل ہوا

اور رب العلمیں سے معتقد خدم ہوا
دور اس سے حرص ہوئی اور بخل سب جاتا رہا

اور نہیں ہے حرص آیا اس بخل اپنی پاس سے
اس سبب سے دونوں اللہ کے حوالے کر دیے

مالک روز جزا اللہ ہے رحمٰن رحیم
ہو گیا اس سے غضب زائل یہ از فضل عظیم

جب پڑھا ایاک نعبد دور تجھ سے ہو گیا
عجب سب ایاک نستعین سے کھو گیا

اہدنا الصراط پڑھ تو اب آخر تمام
کفر و بدعت چل دیا راہ عدم کو نا کلام

جب کہ سب جاتے رہے الحمد سے یہ تخلیہ
خود بخود جاتا رہے دل سے سبھی بغض و حسد

یہ آغاز ہے ناول روح و دل کا

یہ آغاز قصہ ہے انسان کا
خدا نے جب آدم کا پتلہ بنا
تو گھبرائی آتی ہوئی روح جب
یہ نور رسالت سے پرنور تھا
یہ ہے سیدھے پہلو کہ روح نور
کہ عکس جب روح پیدا ہے جو
یہ لڑکے ہیں معنی کہ گم راہ تر
یہ الٹا ہے دل آدمی کا سنو
خدا کی عبادت سے سیدھا ہوا
یہ کہتا ہے دل روح سے میری جان
مگر جان میں تیغ سو سو بٹھا رکھ
یہ لے جاتے ہیں روح کو جب اڑا
کوئی خواب میں لے پرستاں گیا
گیا لیکے دل الٹا ہے جو شام میں
غرض دل سے پھرتا لیئے روح کو
یہ جھگڑا کارہ اسکا ہوا ہے یہ ہو
یہ کہتا ہے دل میں نہ چھوڑونگا جان
مگر روح کہتی ہے سن میری بات
جو قالوا بلی ہے جواب الست

کہ جس میں بیان دل ہے اور جان کا
دیا حکم یہ روح کو تن میں جا
دکھایا خدا نے وہاں نور تب
جو دیکھا تو داخل ہوئی جلد آ
تو ہے الٹے پہلو میں دل بھی ضرور
جو الٹا کرو دل کو لڑتا ہے ضرور
ستیزندہ لڑتا ہے جو زیادہ تر
کرے اسکو سیدھا جو انسان ہو
تو عاشق ہوئی روح اس دل پہ آ
تڑپتی ہے یہ روح بھی دل کو ہاں
فدا عقل و ہوش و حواس لیئے ٹھگ
دکھاتے ہیں شہوت غضب اور ہوا
کوئی جا کے تیں گلستاں گیا
کبھی چین اور روم و آسام میں
یہ عمر رواں کشتی نوح کو
خدا نے ملایا ہے جوڑا سنو
ترے ساتھ ہوں ہر گھڑی ورآن
نہ تو میرے تابع نہ میں تیرے ساتھ
رہیں اسپہ ہم اور ہم دونوں مست

کرو ایسی کرنی کہ اُس سے پیا
یہ کہتا ہے دل کا مزہ زندگی
کرو عشق پیدا خدا کا ضرور
تماشا ہے دنیا وفا دیکھنا

ہمیشہ رہے راضی ہم سے خدا
کرے ہے کام بندے کا کر بندگی
کہ با لخیر ہو خاتمہ بالضرور
خدا کو نہ تم ہر گھڑی بھولنا

نماز تصوف و حقیقت

نماز تصوف جو دل سے پڑھے
حقیقت میں ہے نام اسکا نماز
شروع پہلے دل کی حقیقت کو جان
پھر ایمان ہے شوق چوتھا اگر
کہے ہے ہفتمیں خوف ہشتم رجا
ہے رحمت یہ دسویں سمجھ گیارہیں
کتابوں میں ہے حال اسکا وفا

وہ یہ گیارہ باتیں بھی حاصل کرے
پڑھے ہے جان و دل سے جو با صد نیاز
دگر معرفت حق کی تو دل سے مان
تو الفت ہے پنجم چھٹا ہے خطر
بعد میں محبت خدا کی دلا
کہ حکمت الٰہی کی اسے مہ جبیں
پڑھو شوق سے میرے حق میں دعا

ارکان نماز شریعت

فرض و واجب حفظ سنت یاد کر
یہ مسائل گھر میں بیٹھے دیکھ لے
جان ہیں قد آن میں فرض وضو
منہ کو دھونا کہنی تلک ہاتھوں کو دھو
فرض چودہ ہیں مصلی پر تمام
وقت و نیت قبلہ رو سیدھا قیام

قطعہ

اپنا گھر جنت میں پھر آباد کر
اور اسکے شغل سے دل شاد کر
کچھ ترتیب سے لے شبہ و شک
مسح سر کر پاؤں دھو ٹخنوں تلک
جسم و جامہ جا سے پاک و ستر تام
پہلی تکبیر قرأت بالتمام

واجب ۱۹

پھر رکوع و سجدہ آخر کا قعود — پھر ارادہ سے نکلنا اور درود
بارہ واجب ہیں نمازی کے لئے — جانو تحریمہ پڑھ لے تو پھر سورت پڑھے
پڑھو قراءت پہلی دو رکعت میں تو — کر رکوع و سجدہ با ترتیب تو
پانچواں تو قعدہ اولے کو جان — اور تشہد دونوں قعدوں میں تو مان
ساتویں تعدیل ارکان با وقار — ہے مرتب فعل جو آیا دو بار
زور سے پڑھ رات کو اور جمعہ عید — دھیرے ظہر و عصر میں پڑھ اے سعید
وتر میں پڑھنا قنوت اے نیکنام — بعد اسکے پھیرنا دونوں سلام

سنت

بارہ سنت مرد و عورت کے لئے — کان تک ہاتھ اسکا کاندھی تک اٹھے
اور ہتھیلی دونوں قبلہ کو رکھے — پہلی بار اللہ اکبر جب کہے
حلقہ سیدھے ہاتھ کا کر خنصر و انگشت کا — الٹا پہنچا سیدھے پہنچے سے چھپا
پہلی رکعت میں سبحانک اللہم پڑھ — پھر اعوذ اور اسکے بعد بسم اللہ پڑھ
ہر رکوع و سجدہ میں اللہ اکبر پھر تو کہہ — اور رکوع و سجدہ بیچ آٹھویں تسبیح کہہ
سمع اللہ دسویں پڑھنا ہے درود — گیارھویں آمین دعا صاحب وجود

فرائض جمعہ

آٹھ شخصوں پر ہے فرض جمعہ کی نماز — تم ادا کرنا یہ دل سے با نیاز
اک مقیم و تندرست آزاد مرد — بالغ و عاقل ہو یہاں ہر مرد فرد
ساتواں ہو آنکھ سے وہ دیکھتا — آٹھویں ہوویں سلامت دست و پا

وہ اشخاص کہ جن پر جمعہ واجب نہیں ہے

آٹھ کس پر بھی جمعہ نہ واجب کبھی ہیں — ظہر ان کا ہے ادا جمعہ پڑھیں گر وہ کہیں
عورت و نابالغ و نابینا چوتھا ہے غلام — اور مسافر اور لنگڑا اور دیوانہ تمام
آٹھواں بیمار ہے اے مرد سعد — یاد کر یہ مسئلے ذی عقل مرد

شرائط جمعہ

چھ ادا کی شرط جمعہ جان تو — شہر ہو یا ہو کنارہ مان تو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد

الحمد للہ الذی جعل الانسان شریفا واعطی لہ اللسان تعریفا

تمام وکمال حمد و نیایش بخدائے لایزل ایزد متعال را شایان و سزاوار است کہ از قدرت کاملہ و عنایت شاملہ خود گوہر ذات انسانی را در صدف جہان فانی آفریدہ بمصداق الرحمن علم القرآن خلق الانسان علمہ البیان گویائی بزبان برائے ترتیل و تلاوت قرآن بخشید۔

قطعہ توحیدیہ

در شکریہ عبادت

خدا کا شکر ہے ایدل کہ ہمکو شوق طاعت سے — کیا دنیا میں پیدا خود بخود اپنی عنایت سے

دل و جان دست و پا و چشم و گوش و سر عطا کرکے — سراپا حلیہ قدرت بنایا کس حفاظت سے

خدا نے تن میں انسان کے یہ کیسی جان ڈالی ہے — کہ ہوتی نال ور رستے بھی ہر اک کو جدائی ہے

پرستش کو جہان میں حکم حق اللہ کہتے ہیں — عبادت جسکی لازم ہے اسی کو اللہ کہتے ہیں

ہزار ہا شکر و احسان کہ در شان محمدی آیہ حق وما ارسلنک الا رحمۃ للعلمین ارشاد فیض بنیاد و حدیث قدسی لولاک لما اظہرت الربوبیت اظہر من الشمس ہے

غزلہائے نعتیہ و شکریہ و منقبت

پرستش کو جہاں میں نور حق اللہ کہتے ہیں — عبادت فرض ہے جسکی اسی اللہ کہتے ہیں

بنائی آپ کی ذات مبارک باعث آدم — تمہیں کو خاص دلبر او حبیب اللہ کہتے ہیں

اتارا حق نے قرآن کو کس شوق و الفت سے — زبان پاک احمد میں کلام اللہ کہتے ہیں

یہی وحی جلی لائے تھے بس جبریل دنیا میں — تمہارے امتی سارے جزاک اللہ کہتے ہیں

ہوا پیدا جناب احمد بر حق کی امت میں — مرے اعضا تمامی حمد و شکر اللہ کہتے ہیں

وہاں لیجاتے ہیں منہ سے نکلتے ہی ملک اسکو — سلام انپر جو ہم پڑھتے ہیں صلی اللہ کہتے ہیں

غلاموں کی صدا اسکو جمال پاک دکھلادو — کہ ہم ہردم دل و جان سے یہی اللہ کہتے ہیں

خدا کا حکم مانو اور کرو تم پیروی میری
یہی بس اپنی امت سے رسول اللہ کہتے ہیں

زیارت ہو محمد کی جہاں مدفن ہمارا ہو
یہی ارمان ہے شوق دل ہمارا رسول اللہ کہتے ہیں

تڑپتے ہیں تمہارے عاشق جانباز فرقت میں
دکھا دیجے کہیں دیدار اب اللہ کہتے ہیں

دکھایا جب رخ روشن وفا مقصد ہوا حاصل
شفاعت ہو گئی واجب رسول اللہ کہتے ہیں

بعد نعت سرور کائنات علیہ افضل الصلوات ذکر چہار یار کہ شرع متین اور دین مبین کے چار رکن ہیں اول ابوبکر صدیق صاحب تصدیق کاشف اسرار دقیق اسبق الاقرار رضی اللہ تعالے عنہ

قطعہ

حضرت بوبکر بیشک دیکھو عالی جاہ ہیں
اور صداقت کے تمامی رمز سے آگاہ ہیں

اسلیئے صدیق کا حق نے لقب انکو دیا
اسبق الاقرار کے لائق یہی واللہ ہیں

دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کہ عدل انکی ذات بابرکات پر ختم ہوا جسکا بیان لکھنے سے قلم حیران وافسردہ دست انسان ہے

قطعہ

بالیقیں حضرت عمر کو عدل کا تمغہ ملا
اس جہاں میں خاتم التعدیل کا جامہ ملا

سارا عالم دیکھ لیجے خوش ہے انکے عدل سے
لطف سے اللہ کے انصاف کا قبہ ملا

سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کامل الحیاء والایمان جامع القرآن کہ جو ہر ایک کی بخشش کا وسیلہ ہے

قطعہ

جناب حضرت عثمان ہیں بیشک جامع القرآن
انہیں پر ختم کا ساماں ہوا ہے ختم ایمان

انہیں رتبہ دیا حق نے انہیں حق نے کیا ذیشان
ہیں مقبول خدا یارو جناب حضرت عثمان

چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ حیدر کرار قاتل کفار شیر خدا داماد رسول خدا مصداق من کنت مولاہ فعلی مولاہ

قطعہ

یہ جہاں میں شیر یزداں حیدر کرار ہیں
ذوالفقار قہر حق سے قاتل کفار ہیں

ہے لقب انکا خدا کے حکم سے شیر خدا
جنگ سے انکے ہراساں لشکر اشرار ہیں

ہو گئے مقتول ان کی تیغ سے کافر بہت
مثل اپنے نام کے وہ حیدر کرار ہیں

آپ کے اوصاف لکھنے سے قلم عاجز ہے اب
آپ داماد جناب احمد مختار ہیں

قطعہ در مدح قرآن مجید

ہوا نازل محمدؐ پر عجب روشن کلام اللہ | کہ پڑھتی رہتی ہے دائم جسے اب یہ انام اللہ
یہ بخشش کا وسیلہ ہے یہی ایماں ہمارا ہے | اسی کا نام قرآں ہے یہ بیشک ہے کلام اللہ

یہ چند غزلہائے نعتیہ ردیف وار

ہے آسماں پہ احمدؐ مشہور نام تیرا | اور فرش پر محمدؐ ہے عرفِ عام تیرا
شرمندہ مشک و عنبر زلفِ محمدیؐ سے | ہر ایک خال رشکِ ماہِ تمام تیرا
کیا مرتبہ ہے تیرا جبریل کی زبانی | آتا پیامِ خالق جاتا پیام تیرا
موسیٰ کلام کرتے بالائے طور جا کر | اور عرش پر ہوا ہے حق سے کلام تیرا
گھر بیٹھے تجھکو حاصل سیرِ زمین گردوں | چودہ طبق ہیں روشن کیا خوب کام تیرا
کہتے پاؤں سوجھ جاتے طولِ قیامِ شب سے | شب بھر تو نماز میں تھا اتنا قیام تیرا
امید ہے وفا کی مدت سے یا محمدؐ | چومے قدم مبارک ہر دم غلام تیرا

دیگر

دونوں جہاں کے پیشوا میری طرف بھی دیکھنا | خاص حبیبِ کبریا میری طرف بھی دیکھنا
عمر گذر گئی تمام یادِ رخِ حضور میں | ہووے قبول یہ دعا میری طرف بھی دیکھنا
جانِ حزیں میں اے صبا باقی نہیں ہے کوئی دم | جا کے نبی کو دے سنا میری طرف بھی دیکھنا
ابروئے شاہِ دوسرا قبلۂ آرزو مرا | شکر کروں ہزارہا میری طرف بھی دیکھنا
صورتِ پاک مصطفےٰ قبر میں آئی جب نظر | عرض کرے گی یہ ادا میری طرف بھی دیکھنا

دیگر

کوئی ایسا نہیں عالم میں منور نکلا | سامنے حق کے بھی رو سے پیمبر نکلا
ہو چکا سنتے ہی میں نام مقدس تیرا | شکر ہے دل سے یہ ارمان بھی باہر نکلا
شبِ معراج عنایت سے بلایا حق نے | دیکھو محبوب خدا اپنا پیمبر نکلا
خاک کی مٹھی سے اندھے ہوئے کافر سارے | ہاں دمِ بیعت ترے منہ سے جو ہیں باہر نکلا
غور سے دیکھا حسینانِ جہاں کو ہم نے | سب سے اللہ کا محبوب ہے خوشتر نکلا
لائے جبریل تھے معراج میں ایسا گھوڑا | نظرِ حق میں دو عالم سے جو بڑھکر نکلا

سرور دیں نے تجھے آج دکھایا دیدار
اے وفا تیرا بھی کیا خوب مقدر نکلا

دیگر

ہے سب دینوں سے بہتر دین اپنے پیغمبر کا
ہمیں اندیشہ کیونکر ہو عذاب روز محشر کا

یقیں ہے بخشوائینگے خدا سے روز محشر میں
ہمارے سر پہ سایہ ہے رسول نام آور کا

توہی امید ہے ہمکو کہ میدان قیامت میں
پلائینگے ہمیں بیشک محمد جام کوثر کا

اترنا پل کے اوپر سے پہنچنا باغ جنت میں
یہ صدقہ ہے ہمارے امت عاصی کے رہبر کا

محمد عاصیوں کو حشر میں اسطرح ڈھونڈینگے
کہ ڈھونڈا جائے جیسے گم شدہ فرزند مادر کا

پکارینگے نفسی نفسی سب نبی جسدم قیامت میں
کہیں آپ امتی ترتیب سے اپنے پیمبر کا

وفا میں مثل پروانہ تپاں ہوں عشق احمد میں
کہ چشم دل سے آتا ہے نظر روضہ پیمبر کا

دیگر

جمال اپنا اگر ہمکو دکھا دوگے تو کیا ہوگا
ہمیں دیوانہ خود اپنا بنا دوگے تو کیا ہوگا

تڑپنا لوٹنا رونا مرا اے قافلہ والو
اگر تم جاکے حضرت کو سنا دوگے تو کیا ہوگا

رہے پیتے ہمیشہ خون دل ہم رنج و فرقت میں
شراب وصل کا ساغر پلا دوگے تو کیا ہوگا

غلام اب رنج دوری سے پریشاں ہے بہت شاہا
یہ پردہ درمیاں سے تم اٹھا دوگے تو کیا ہوگا

کرو تم یاد سے رہائی نزع کی تلخی سے یہ عاصی
لب گلگوں شفاعت کو ہلا دوگے تو کیا ہوگا

دل و جاں میرے مردہ ہیں گناہ و جرم معصیت سے
نگاہ پاک سے اپنی جلا دوگے تو کیا ہوگا

وفا اک روز مر جائیگا ارمان زیارت میں
مزار اپنا اگر اسکو دکھا دوگے تو کیا ہوگا

دیگر

یثرب کو ہند سے ترا پروانہ جائیگا
دیکھا نہ غیر سے ترا دیوانہ جائیگا

گر دل میں تیرے حسن کا جلوہ آئیگا
ہمراہ اپنے قبر میں ویرانہ جائیگا

شمع جمال روئے محمد پہ لاکھ بار
دل بیقرار صورت پروانہ جائیگا

اکبار بھی نہ پایک صبا نے کی عمر بھر
دربار شاہ میں مرا افسانہ جائیگا

اس سلسلے بجز تیرے دین قائم نہیں کہاں
محشر میں پل صراط سے اترا نہ جائیگا

دیکھینگے آخرت میں جمال محمدی پاک
محروم چشم تن کو بھی رکھا نہ جائیگا

ہرگز نہ چین ہوگا ہمیں خلد میں وفا
جب تک جمال آپکا دیکھا نہ جائیگا

وہ خاک در ہے چشم غریب الوطن میں خوب
دیدار کا بدل نہیں یہ رنج و محن میں خوب

ہر گل میں ہے ضمیمہ بوئے محمدی
فضل خدا سے عطر نبی ہے چمن میں خوب

ابلیس روکتا ہے جو عشق رسول سے
لعنت کی خاک پڑتی ہے تیرے دہن میں خوب

فرقت میں لے غبار سے شمس و قمر ہی ہیں
بدلا ہوا ہے رنگ جو اُن کا کفن میں خوب

ہوں جاں نثار اُنکا وہ بخشوائینگے مجھے
ہے بندہ پروری کی صفت پنجتن میں خوب

ت

یا الٰہی نظر آ جائے بھی اُس رشک قمر کی صورت
یعنی محبوب خدا احمد بشر کی صورت

معدن صدق سے ہیں لعل گراں مایہ وہ لب
بحر اسرار میں دنداں ہیں گہر کی صورت

سر و چشم چلیں راہ مدینہ میں دلا
گر کہیں ہمکو نظر آئے سفر کی صورت

کیا اثر نام محمد میں ہے دیکھو یارو
جسکے پڑھتے سے کہ ہٹ جائے خطر کی صورت

یار حضرت ابوبکر نہیں ہے بے شک
کوئی آتا نہیں عالم میں عمر کی صورت

مثل عثمان و علی بھی نہیں دنیا میں کوئی
یار ہیں چشم تو حضرت ہیں بصر کی صورت

ہے دعا تجھسے وفا کی کہ خدایا مجھکو
نزع میں آئے نظر خیر بشر کی صورت

ث

مجھسا نہیں ہے کوئی گنہگار الغیاث
ہوں نفس پروری میں گرفتار الغیاث

اے شاہ اسکی قید سے کیجے مجھے رہا
دشمن ہے میرا نفس زیاں کار الغیاث

پھرتا ہوں در بدر ترا دیوانہ ہند میں
دکھلا دے مجھکو بھی کہیں دیدار الغیاث

سوز دروں سے ہے مدہوش اسقدر
سکتہ سا رہتا ہے ترا بیمار الغیاث

عاشق جو تو حبیب خدا کا ہے اے وفا
کر دے نثار اپنا دل زار الغیاث

ج

یہ کیا حکم جبریل لاتا ہے آج
کہ حضرت کو خالق بلاتا ہے آج

تماشے ہر اک رنگ کے اور قدرت
پیارے نبی کو دکھاتا ہے آج

عروج نبوت محمد کا دیکھو
کہ تاج شفاعت بھی پاتا ہے آج

انہیں چشم مشتاق میں دیکھ لینا
کہ ذرہ میں خورشید آتا ہے آج

قدمبوس حضرت ہو حاصل مجھے بھی
نہ انکے سوا مجھکو بھاتا ہے آج

سراسر وفا نور ہی نور سے ہے
جو نظروں میں تیرے سماتا ہے آج

ح

یا خدا کر دے ہمارے کام فتح
دین احمد کا ہو رب انجام فتح

کام ہو جاویں ہمارے سب درست
ہمکو حاصل ہووے صبح و شام فتح

جو مطیع حکم خالق ہو گیا
پاوے گا بے شک وہی انعام فتح

مانگتے ہیں یہ دعا اللہ سے
ہو نصیب دولت اسلام فتح

نفس و شیطاں پر رہے غالب مدام
کر وفا کا حاصل ایام فتح

خ

نام لیتا ہے تیرا ہر تنہ شاخ شاخ
دم ترا بھرتا ہے مولا ہر تنہ شاخ شاخ

باغ عالم میں تو ہی ہر شے میں ہے جلوہ نما
تیرا مظہر تنکا تنکا ہر تنہ شاخ شاخ

تو ہی سب کا ہے خدا تیرے سوا کوئی نہیں
تیرا بندہ ذرہ ذرہ ہر تنہ شاخ شاخ

تیرے احساں کا کوئی انکار کر سکتا نہیں
ہے مقر تیری عطا کا ہر تنہ شاخ شاخ

ہے تری تسبیح میں ہر چیز چھوٹی اور بڑی
جو ہے تیرا نام لیوا ہر تنہ شاخ شاخ

گر پڑے تیری ہوائے مغفرت کی جا بجا
میرے اشجار خطا کا ہر تنہ شاخ شاخ

آسرا رکھتا ہے تیرا اے خدا اے جزو کل
یہ وفا بے سر و پا ہر تنہ شاخ شاخ

د

نام نبی پہ پڑھ دلا صل علی محمد
ورد کر اپنا تو سدا صل علی محمد

سب گل و غنچہ و ثمر برگ درخت و جانور
پڑھتے ہیں صبح اور مسا صل علی محمد

رکھتے ہیں آرزو یہی ہمکو نصیب ہو کبھی
دولت دید مصطفےٰ صل علی محمد

عشق نبی میں کر دیا جسنے کہ آپکو فنا
اسکو ہمیشہ ہو بقا صل علی محمد

اپنی تمام عمر میں قبر میں اور حشر میں
پڑھتا رہا ہو نہیں برملا صل علی محمد

تسکین جا ہے مومنو تمکو خدا کے فضل سے
شافع حشر مل گیا صل علی محمد

ورد زباں ہو نزع میں کلمہ رسول پاک کا
ہے یہی مقصد وفا صل علی محمد

ذ

نام احمد کے سوا کوئی نہ پایا تعویذ
ہے یہ بھیجا ہوا بندوں کو خدا کا تعویذ

مشکلیں ہوتی ہیں آسان ہزاروں اس سے
جسنے بازو پے دل و جاں پہ یہ باندھا تعویذ

نام لیتے ہی محمد کا ہوا ہو آسیب
اور پری تو نے کہیں دیکھا ہے ایسا تعویذ

تمکو جو آفت دارین سے محفوظ رکھے
کوئی ایماں کے سوا ایسا نہوگا تعویذ

فضل اللہ کا صدقہ ہے محمد کا تمام
پُر اثر کیوں نہو اشعار وفا کا تعویذ

ر

اے غیرت مسیح مری گاہ لے خبر
بیمار تیرا مرتا ہے للہ لے خبر

آتا نہیں ہے سود و زیاں کچھ ہمیں نظر
تاریکی فراق میں اے ماہ لے خبر

امید عفو جرم و زیارت کی آرزو
ہوگی لحد میں حشر میں ہمراہ لے خبر

حاضر ہیں جن و انس زیارت کے واسطے
روشن کر اپنے نور سے درگاہ لے خبر

نادم وفا ہے اپنے گناہوں سے کیا کرے
اس بندہ غریب کی اے شاہ لے خبر

ز

یا خدا تو ہے کریم اے بے نیاز
مہرباں تو ہے رحیم اے بے نیاز

فضل تیرا ساتھ میرے چاہیئے
کچھ نہیں خوف جحیم اے بے نیاز

ذات کا تیری پتہ کس کو ملے
کسکو ہے عقل سلیم اے بے نیاز

تجھ سے بڑھکر کوئی بھی میرا نہیں
دوست ہے تو ہی ندیم اے بے نیاز

اس وفا کو یا خدا ایمان بخش
فضل تیرا ہے عظیم اے بے نیاز

س

جسنے دنیا میں نہ دیکھا ترا روضہ افسوس
اسنے پھر آ کے یہاں کچھ نہیں دیکھا افسوس

مرنا کوچہ میں ترے خوب ہے اس جینے سے
جینا باہر ترے کوچہ سے ہے مرنا افسوس

تیرے روضہ کی زیارت کو ترستے رہے ہم عمر بھر
بخت واژوں نے نہ دکھلایا مدینہ افسوس

ش

سوزن عشق محمد سے ہے گردوں غربال
اس سے سالم رہے جو سینہ وہ سینہ افسوس

روضۂ شاہ دکھا خانۂ کعبہ یارب
رہ نہ جائے کہیں ارمان وفا کا افسوس

فخر ہے گر ہو تری الفت میں مرنا یا تن پاش پاش
شمع رخ کو دیکھنا اور جلکے ہونا یا تن پاش پاش

رب مرا اللہ ہے اسلام دین احمد نبی
نقش غیری سے نکیرین اب نکھرنا یا تن پاش پاش

اک نظر فرما کہ میرے دور ہو سب عادتیں
کردے سب بغض و حسد از دل کا کینہ یا تن پاش پاش

اے مرے پیارے نبی آکر خبر لیجے مری
درد ہجراں سے جگر ہے اور سینہ پاش پاش

یا نبی اللہ وفا کو اپنے روضہ پر بلا
اسکو جینا تیری فرقت میں ہے مرنا پاش پاش

ص

اب پلا دو تو محبت کا پیالہ خاص خاص
محو کردے ماسوا کو محو والا خاص خاص

شربت دیدار وحدت بخش مجکو یا خدا
الفت احمد کا دے مجکو نوالہ خاص خاص

رہ گئے تکتے مدینے جنکے تھا تقدیر میں
مجکو بھی لیجائیگا لیجانیوالا خاص خاص

یہ وہ ہے دربار اک دم وصل سے خالی نہیں
صاف دل کا جانیوالا آنیوالا خاص خاص

سب سے بہتر امت خیر الوری ہے اے وفا
دیکھ کنتم خیر امۃ حکم اعلیٰ خاص خاص

ض

خسرو تمسے یہ میری ہے غرض
دل ہے تیرا جان تیری ہے غرض

اس گدا کی عرض بھی ہوگی قبول
حق نے اب تقدیر پھیری ہے غرض

صبر کیا ہو ہر جگہ تیرے بغیر
نام سے تیرے ہی میری ہے غرض

پورے ہو جاتے ہیں سارے کام بھی
تیری الفت کی دلیری سے ہے غرض

اے وفا ہر پھول میں ہے کسکی بو
بوسے حضرت کی بھریری سے ہے غرض

ط

جانیوالی غم فرقت میں مری جاں ہے فقط
رہنے والا دل مضطر میں یہ ارماں ہے فقط

جان ہے تجھپہ فدا دل بھی ہے قربان تجھپر
پھرتا اب خاک پہ میرا تن بیجاں ہے فقط

خار و گل حور و ملک سب ہیں طفیلی انکے
فیضیاب انسے یہاں ایک نہ انساں ہے فقط

ہیں بیاں پہلی کتابوں میں بھی اوصاف حضور
مدح میں آپکے نازل تو یہ قرآں ہے فقط

نبی کے دربار میں مجکو بھی ملے بار کبھی
عشق حضرت میں وفا کا یہی ارماں ہے فقط

ظ

پھیلا ہے دل مدینہ کو خدا حافظ خدا حافظ
لگادے اب سفینہ کو خدا حافظ خدا حافظ

لگا ہے گھات میں دشمن بچا یارب گناہوں سے
میں ہوں تیار مرنے کو خدا حافظ خدا حافظ

نہیں دیدار دکھلاتے نہ بلواتے مدینہ میں
کمر دل کیا ایسے جینے کو خدا حافظ خدا حافظ

تمہارے درد فرقت میں نہیں حد سے سہے جاتے
نہیں طاقت ہے سینے کو خدا حافظ خدا حافظ

سبھوں کو رات دن ملتا ہی فیض ظاہر و باطن
وفا لو اس خزینے کو خدا حافظ خدا حافظ

ع

خدا کے محمد ہیں پیارے شفیع
وہی انس و جاں کے ہیں سارے شفیع

کیا نور رب نے شور صلّ علیٰ کا
سو ہے خادم جبدم سدا رے شفیع

رخ نور حضرت کے ہیں ذرہ جبیں
قمر یا ہو شمس اور تارے شفیع

بھنور میں گناہوں کی کشتی پڑی
لگا دو محمد کنارے شفیع

وفا آرزو ہے کہ دل سے کبھی ہمکو
نبی ہی ہمارا اتارے شفیع

غ

مولا کے عشق میں جو یہاں دل یہ کھائے داغ
باغ بہشت میں وہاں کام آئے داغ

نعمت زیادہ دونوں جہاں سے دلائے داغ
آرام وہ ہمیشہ کرے جو اٹھائے داغ

فرش زمیں سے عرش تلک شہرہ ہو بپا
محبوب کبریا کا جو خوش ہو کے کھائے داغ

پروا تاج شاہی کچھ نہیں انہیں
عشاق کے سروں پہ ہے ظل ہمائے داغ

بخت رسا نے پایا ہے محنت سے عشق میں
عیسیٰ سے بھی نہ ہوویگی ہرگز دوائے داغ

جلوے جمال حق کے جو اسمیں سما گئے
گلزار بن گیا مرا سینہ بجائے داغ

دل پاش پاش آپکی فرقت میں ہے وفا
یا مصطفےٰ یہ ہند میں کب تک اٹھائے داغ

دیگر

نفس کافر ہو گیا کیوں تجکو اب اتنا دماغ
کوئی طاعت تو نہیں کرتا ہے کیا ایسا دماغ

تیرے ہوتا ہی مانع کھینچتا ہے سوئے شر
خاک میں اے نفس امارہ ملے تیرا دماغ

مشک و عنبر کی بھلا کیا خاک پروا ہو ہمیں
ہے معطر بوئے زلف یار سے اپنا دماغ

حق نہ دے توفیق جبتک ہو نہ سکے بندہ سے کیا
زاہدا تجکو عبادت پر نہیں زیبا دماغ

ہیں شفیع المذنبیں اپنے پیمبر اے وفا
اس سبب سے عرش پر ہے اہل عصیاں کا دماغ

ف

دل کو اپنے پردۂ غفلت اٹھا لو صاف صاف
نام حضرت کا لیکر دل یا رب بنا لو صاف صاف

پاک دم سے سانس میں کوئی بھی خیال نجاست
یا نبی للہ اب اسکو سنبھالو صاف صاف

حب احمد کے سوا چارہ نہیں دارین میں — عاشقو تم دل پہ یہ سکہ بٹھا لو صاف صاف

لا اِلٰہ نقشہ ہے آئینہ اِلّا اللّٰہ سے — نقش دل پر خوب تم اپنے جما لو صاف صاف

آئیں ہیں حضرت محمد محفل میلاد میں — آنکھ میں دل میں جگر میں اب بٹھا لو صاف صاف

لٹ رہی ہے رحمت حق خوان نعمت کی تمام — چشم دل سے شوق دل سے اب اٹھا لو صاف صاف

کاش فرمائیں محمد مجھکو بلوا کے وفا — ہو گیا مقبول اب تم لو سنا لو صاف صاف

ہمیشہ ہے ای نفس تیرا حکم اٹھانا شاق شاق — جرم و عصیاں کی طرف ہر دم بلانا شاق شاق

مثل خوں پھرتا ہے شیطاں جسم میں انساں کے — اپنے گھر میں غیر کا ہے آنا جانا شاق شاق

خوار کر دیگا تجھے اے نفس یہ تیرا غرور — حکم خالق پر ہے تجھکو سر جھکانا شاق شاق

حق سے جو اقرار تو نے کل کیا تھا شاد شاد — ہو رہا ہے آج کیوں اسکا نبھانا شاق شاق

ہیں محمد شافع محشر نہ گھبرا اے وفا — اُنپہ ہوگا عاصیوں کا بخشوانا شاق شاق

عاشقوں کو تیری ہمہ تن دیکھا بس غمناک پاک — صاف دیکھا ہر طرح دنیا اور عقبیٰ پاک پاک

جسنے کی توبہ گنا ہو نفس مُطہّر ہو گیا — یہ وہ دریا ہے کہ جسمیں ہوتا ہے ناپاک پاک

کر سکے تعریف تیری کیا ہے انساں کی مجال — حق نے فرمایا ہے تیری شان میں لولاک پاک

بحر غم سے یا الٰہی میری کشتی پار کر — یہ کنارہ جا لگے مثل خس و خاشاک پاک

تو اگر پیدا نہ ہوتا کوئی بھی ہوتا نہیں — چاند سورج اور تارے یہ زمیں افلاک پاک

دائر و ساکن ہیں تیرے عشق میں ہیچ و زمیں — عاشقوں کی جان و دل مثل گریبان چاک پاک

سب گناہوں سے طفیل رحمۃ للعالمیں — ایخدا کر دے وفا کو تو سراپا پاک پاک

بیشک گنہگار ہے میرا یہ بال بال — پر معتقد ہے تیرے کرم کا یہ بال بال

ایمان میرا لوٹا تھا شیطان و نفس نے — تو نے ہی یا خدا ہے بچایا یہ بال بال

نعمت کا تیرے ہو نہیں سکتا شمار کچھ — یہ جسم و روح و قلب بنایا یہ بال بال

پہنچا وہی ہے منزل مقصود کو دلا — دنیا میں محو حق ہوا جسکا یہ بال بال

انساں تمام خلق سے بہتر ہے ای وفا — ذات اِلٰہ پردوں میں ہوا ہے جو پیدا یہ بال بال

ہوں آپ پر فدا یہ دل و جان یا رسول — ہے عشق آپکا میرا ایمان یا رسول

ق ک ل

دیگر

لیتے کہیں اسکی بھی اب خبر — کیا ہیجان ہو رہا ہے یہ ہیجان یارسول

دکھلا دے مجھکو روئے مقدس رسول کا — حاصل کروں زیارت قرآن یارسول

وحش و طیور جن و ملک پڑھتے ہیں درود — پڑھتے درود تمیہ ہیں انسان یارسول

دیدار آپکا مجھے ہوتا رہے سدا — پڑھتا رہوں درود میں ہر آن یارسول

پار اسکا بیڑا ہوگیا دونوں جہان میں — جسنے اٹھایا آپ کا فرمان یارسول

ایسی نظر وفا پہ ہو بھولے یہ ماسوا — ہر دم رہے یہ آپ پہ قربان یارسول

مطلع نور خدا ہے الصلوۃ والسلام — جو محمد مصطفی ہے الصلوۃ والسلام

جنکی زلف عنبریں سے بس گیا سارا جہاں — آج پیدا ہوا ہے وہ الصلوۃ والسلام

نور حق ہے سر بسر دونوں جہاں میں جلوہ گر — جو سراپا آپکا ہے الصلوۃ والسلام

کوئی امت سے نہیں تشنہ رہیگا حشر میں — ساقی کوثر ملا ہے الصلوۃ والسلام

زندۂ جاوید ہیں وہ جسکو دکھلائیں جمال — دید حضرت ہی بقا ہے الصلوۃ والسلام

کوہ میں شیطاں چھپا بت خوف سے اوندھے گرے — وہ نبی پیدا ہوا ہے الصلوۃ والسلام

تیرے مشتاقوں کو خم لذۃ للشاربین — حق کا یہ وعدہ وفا ہے الصلوۃ والسلام

دیگر

رکھتے ہیں مصطفی جو نام اُنپہ درود اور سلام — لیل و نہار صبح و شام اُنپہ درود اور سلام

طور پہ تھا یہی کلام اُنپہ درود اور سلام — جن پہ کہ وحی ہی تمام اُنپہ درود اور سلام

عاشق زار جس گھڑی لیتے ہیں نام اُس گھڑی — کہتے ہیں بس بجا کو تھام اُنپہ درود اور سلام

عرش پہ قدسیوں کا شور فرش پہ غل ہی جا بجا — آپکا ذکر ہی تمام اُن پہ درود اور سلام

پلکوں سے لیتے ہیں اٹھا خاک در محمدی — جتنے ہیں خاص اور عام اُنپہ درود اور سلام

فرق پہ چشم میں کہیں دل میں جگر میں آئیں وہ — اُنکے لئے ہیں سب نظام اُنپہ درود اور سلام

ہے یہ وفا کی آرزو عرض کرے بصد نیاز — مرقد پاک پر غلام اُنپہ درود اور سلام

لطف کیا آرہا ہے جینے میں — ہے تصور مرا مدینے میں

صاف آتے نظر ہیں دو عالم — تیری الفت ہے جسکے سینے میں

ماسوا کی خبر نہیں مجھکو کبھی — قطرہ پہ چشم یار سینے میں

مل گیا ہمکو جو ہے مقصد
ہو گئے پار اس سفینہ میں

فضل تیرا ہے یا خدا سب پر
حق ہے میرا بھی تجھ خزینہ میں

دیکھا موسیٰ نے تھا جمال حق
ہم وہ پاتے ہیں تیرے زینہ میں

چاک ہے دل کسی فرقت میں
رشتہ یار ہے کہ سینہ میں

تو ہی خود بھید ہے خدائی کا
کیا پتہ ہے ملا قرینہ میں

صاف عکس رخ محمد ہے
چاند سورج ہے آئینہ میں

تحفۂ قدر ل سے دل ہے پر
دیکھیں تابوت کی سکینہ میں

حمد احمد میں یہ وفا ہے حال
ہوں نہ مرنے میں اور جینے میں

دیگر

یا خدا میں عشق میں تیرے سراسر چور ہوں
بن گیا مجنوں کہیں فرہاد گہ منصور ہوں

دیکھیں ہم کر مرے لاشہ کو عشاق جہاں
آتش فرقت سے جلکر مثل کوہ طور ہوں

ہے مجھے امید تیرے وصل اور دیدار کی
ہاں خیال زلف مشکیں میں ترے مخمور ہوں

کر دیا بیدم مجھے درد جدائی نے بحال
لے خبر بیمار کی یا مصطفیٰ رنجور ہوں

در بدر گلیوں میں رہوں [illegible]
آپ بلوائیں اگر یا مصطفیٰ کیا دور ہوں

امت احمد بنا یا کر شفاعت کی نصیب
یا خدا میں ہر طرح سے اب ترا مشکور ہوں

اے وفا دل میں تمنا کعبہ کو [illegible]
اب تلک نہیں حکم خدا [illegible] مجبور ہوں

دیگر

ہند سے کر کے اب سفر شہر نبی میں جا رہوں
سوئے مدینہ کر نظر شہر نبی میں جا رہوں

شوق سے اب بڑھا ہوا [illegible]
عشق نبی کی [illegible] شہر نبی میں جا رہوں

لیل و نہار دمبدم [illegible] نثار جان [illegible]
شمع رخ جمال پر شہر نبی میں جا رہوں

بیخود و مست [illegible] ہوگئی
دیکھا نہیں [illegible] شہر نبی میں جا رہوں

عرش پہ شور ہے وفا سوئے مدینہ اب چلو
عمر ہو باقی اب بسر شہر نبی میں جا رہوں

دیگر

الفت کا ذوق [illegible] کی [illegible] فنا کریں
نام نبی پہ جان کو اپنی فدا کریں

تن میں خدا کے نور کے شعلے اٹھا کریں
یاد محمدی میں یاں لب ہلا کریں

یہ اسلیے ہمارا سراپا ہے یا حضور
زیر قدم حضور کے ہر دم فنا کریں

کوئی مکہ گیا اللہ مرے کوئی مدینہ پہونچا
اپنی توفیق سے اللہ بلا لیوے دیدار اسکو
ہو مقدر کبھی وفا کا کہ وہ لائیں تشریف
نہیں کون مشتاق دیدار کعبہ
ہے مقصود ہاتھوں کا استار کعبہ
وہ مہر کو وہ نظر سے گرائے
کبھی مدحت سنگ اسود کروں میں
ہو محرم وہ خلوت سرائے قدم کا
جو اسکی زیارت کرے چشم دل سے
یہ کیا کم ہے انکی فضیلت جو سمجھیں
نہ مکہ جدا ہے مدینہ سے ہرگز
وہ مسکن نبی کا یہ معبد خدا کا
خریدار اسکا خدا ہے جہاں ہے
خدایا تو اسکو بھی وہ گھر دکھا دے
دکھلا دے خدا مجھکو بھی انوار مدینہ
جنت میں نہ بھولوں گا میں بازار مدینہ
از روئے خبر اسنے سے تیسیر جفا کی
بے شبہہ شفاعت دم محشر ہوئی واجب
جو مدینہ میں مرے آپ اسے بخشائینگے حق سے
ہے لوٹے ارم ہر در و دیوار سے پیدا
اللہ سے شب روز وفا کی یہ دعا ہی
ہے آرزو خالق سے کہ دکھلائے مدینہ
ہیں اسکی پناہ آپ وہ ہر سے نڈر ہی

ہ

رہ گیا ایک شتر میں ہی بیچارا دیکھو
ورنہ ہر جا ہمگا بیچارا تمہارا دیکھو
سب مراد دیں ہمارے پوری کریں خدا دیکھو
جو مومن ہے وہ ہے طلبگار کعبہ
تمنا ہے آنکھوں کی دیدار کعبہ
جو دیکھے تجلاہے انوار کعبہ
کہوں خال مشکیں رخسار کعبہ
عیاں جسپہ ہو جائیں اسرار کعبہ
ملے پھر جگہ اسکو دیدار کعبہ
کہ مہمان خدا کے ہیں زوار کعبہ
ہے سلطان طیبہ ہی سالار کعبہ
ہیں شیدائے طیبہ طلبگار کعبہ
جو ہے جان دل سے خریدار کعبہ
کہ مقصد وفا کا ہے دیدار کعبہ

دیگر

یہ سر ہو مرا اور در سالار مدینہ
ہوں روز ازل سے میں خریدار مدینہ
حج کرکے نہ جسنے کیا دیدار مدینہ
حجاج حرم جو کہ ہیں زوار مدینہ
اے صل علی جادہ ہموار مدینہ
خالق نے لب یار سے ہے گلزار مدینہ

دیگر

دکھلا دے خدا مجھکو بھی دیدار مدینہ
رکھتا ہوں دل و جان سے تمنائے مدینہ
ماوا ہوا جس شخص کا ماوائے مدینہ

جنت سے بھی بڑھکر ہیں ہمیں تجھکو یا رز — ہے دار شفا وادی بطحا کہ مدینہ
مجنوں ہوں کہیں ہند میں ہر شوق تمنا — ملجائے کہیں مجھکو بھی لیلائے مدینہ
ہمکو گل فردوس کی ہو آرزو کیونکر — جب مل گیا ہمکو چمن آرائے مدینہ
صورت نظر آجائے تری قبر میں مجھکو — رحمت سے خدا کی نظر آجائے مدینہ
دیدار نبی حشر میں جنت میں وفا ہو — دل سے نہ مرے جائے تمنائے مدینہ

ی

عشق نبی کی آگ ہے دلبر لگی ہوئی — بجھتی کہیں ہے آتش دلبر لگی ہوئی
سارا جہاں ہے حسن خداداد پر فدا — اسکی نظر ہے آپکے رخ پر لگی ہوئی
تشریف لائیں خواب میں محبوب کبریا — اس آرزو میں آنکھ ہے شب بھر لگی ہوئی
رہتا ہوں بیقرار زیارت کے واسطے — مجھکو ہے یاد روضہ اطہر لگی ہوئی
کسکو نہیں جہان میں الفت رسول کی — یہ آگ دیکھتا ہے برابر لگی ہوئی
ہے عاصیوں کو حشر میں بخشش کے واسطے — امید تم سے شافع محشر لگی ہوئی
ہے آرزو وفا کی کہ بلوائیں شاہ دیں — ہر وقت آنکھ اپنی ہے در پر لگی ہوئی
تجلی داغ الفت کی عیاں ہے اپنے سینے سے — چھپے کیا بھید اب چاک گریباں اپنے سینے سے
نہیں ہیں عاشقان احمدی شرمندہ وہ پیمانہ آیا — کہ رہتے منتظر تجھسے تم کتنے مہینے سے
دعا فرمایئے حضرت رکھیں حق صاف دل ہمکو — حسد سے کفر سے ہر نیت بد اور کینے سے
خدا سے ہیں یہی اقت لا طالب نہیں سیم و زر — جو بیخود ہیں شراب الفت احمد کے پینے سے
اسی کے منتظر رہتے ہیں شاہا آئیگا کب — کہ پہونچے ہمکو بھی حکم حضوری اب تیرے
الہی عشق اپنا اور محمد کا عطا فرما — عنایت کر یہی دولت ہمیں اپنے خزینے سے
وفا پر رحم کھا کر یا نبی اب تو بلا لیجے — کہ وہ بیزار ہے ہندوستان میں اپنے جینے سے

ی

مجھے عشق شاہ زمن ہو الہی — تصدق مرا جان و تن ہو الہی
ترے نور سے ہی یہ معمور ہو — کہ ویرانہ دل چمن ہو الہی
مدینہ میں ہو خاتمہ میرا یا رب — وہیں میرا گور و کفن ہو الہی
وصال محبت شفائے مریضاں — محمد کا آب دہن ہو الہی

نہیں پایا ہے تجھکو کہ وحدت کو جانے
رہیں تا تیری الفت میں یا رب فنا
قدم بوسی حاصل وفا کو نہ ہے

دیگر

جسے امر کہ جلوہ گاہ شفاعت دکھا چکے
نزدیک جا کے حق کے ہیں محبوب آ چکے
ہمکو بھی یاد میں ہی گزرتی ہے صبح و شام
کیا کہیئے کیسا حال گزرتا ہے جان پر
مجکو نہیں ہے چین تصور سے آپ کی
غلیسے سے جبرئیل نے معراج میں کہا
ہر گام پر ضعف سے کہتا ہے کہ بھی جا

دیگر

ہر دم ہے دل سے عشق شہ دوسرا مجھے
کذب و فریب سے تو ہمیشہ بچا مجھے
محبوب کبریا کا تو روضہ دکھا مجھے
اب چاہتا ہوں مال نہ لعل و گہر کو میں
ضبط تپ درد دل نے کیا ہے یہاں ہرگز
کوئی نہیں ہے شافع عصیاں تری سوا
کوے نبی سے مجکو محبت ہے ہر گھڑی
لذت سے سوز عشق کا میں تشنہ کام ہوں
گھلنا عبث نہیں ہے وفا اب یہ ہجر میں

دیگر

کیا مرتبے ملے ہیں قرآن کے سبب سے
جنت میں جائیگا بھی کیسا ملا بہانہ
پوری مدد سے ہے ہو گئی دین محمدی کو
معراج میں خدا نے اقرار کر لیا ہے

محبت میں جو محفوظ نہ ہن ہو الٰہی
وسیلہ ہمیں پنجتن ہو الٰہی
تیرا کوچہ ہمکو وطن ہو الٰہی
جانے سے عاصیان امم کو بچا چکے
اتمام دور نامہ یہ اپنے لکھا چکے
نام نبی سے پہلے جو مقصود کو پا چکے
صدم سے دام زلف محمد میں آ چکے
جب سے کہ آپ وصل کا مژدہ سنا چکے
حضرت کے ہیں غلام بھی مردہ جلا چکے
جا کر وفا بس اب تو مدینہ میں آ چکے
ہو جائے شوق اور فزوں یا خدا مجھے
ہر صبح و شام یاد نبی ہی سکھا مجھے
سوے زمین یثرب و بطحا بلا مجھے
اپنے نبی کا کردے خدا یا گدا مجھے
دنیا شراب دید نبی سے دوا مجھے
بخشا کے سوے خلد بریں بھیجنا مجھے
یثرب کا ایک بار تماشا دکھا مجھے
شیشہ شراب عشق نبی کا پلا مجھے
ہو جائیگی کبھی تو مرض سے شفا مجھے
بخشش ضرور ہوگی ایمان کے سبب سے
جرم و خطا ہوئے ہیں نسیان کے سبب سے
بو بکر عمر و حیدر و عثمان کے سبب سے
بخشی گئی ہے امت مہمان کے سبب سے

جائینگے اے وفا یہ جبتک نہ ہو زیارت
عشق محبوب خدا اے دوستو کیا بیان ہے
ہو سکے تعریف کس سے یا محمد مصطفے
نفس نے بیچارہ و نظرت بنا نے یا نبی گھیرا ہے مجھے
کاش بلوا لیں مدینہ میں وفا ہی زار کو
اک نظر ہو لطف کی مجھکو یہی ہے زاد راہ
گر میسر ہو نہ دنیا میں یا رب آپکی
غرق دریا ہوا ؤ حرص میں لیجیے خبر
آتش ہجر میں کی دوا دیدار ہے
کس جگہ دیکھوں کہاں پاؤں تجھے اے وصل یار
یارب مجھے دیدار محمد کا دکھا دے
شایق ہوں ازل سے میں کلام نمکیں کا
عاصی ہیں گنہگار ہیں پھرتے ہیں پریشاں
ہر دم رہوں مدہوش تری عشق میں یارب
کامل ہو وفا عشق محمدؐ میں خدایا

دیگر

ہوں گدا میں تیرے در کا یا محمدؐ مصطفے
پھونک ڈالا عشق نے اب دیا ہے مثل کباب
تیری انگشت مبارک کے اشارہ سے ہوا
آپ کو کرتے شجر سجدہ اور سجدہ کرتے تھے سنگ
اس وفا کو اب ملا دیجئے خدا سے یا حضور

دیگر

نظر کرم رہے دم بدم یہی عرض میری جناب سے
نہیں مجھکو اپنی بھی کچھ خبر ذرا دیکھا جو غور سے یک نظر
یہی راہ راست ہے بے شبہ کہ کلام حق ہی سنو سدا

دیگر

مجبور ہوں میں دل سے اور جان کے ہاتھ سے
دل فدا ہے آپ پر اور جان بھی قربان ہے
جبکہ تیری شان میں نازل ہوا قرآن ہے
کیا مدح ہو کا سر بسر تیری تو عالی شان ہے
یہ تمنا دل میں رہتی ہر گھڑی ہر آن ہے
یا محمدؐ دین دنیا پھر مجھے آسان ہے
ساتھ ہی امید میری حسرت و ارمان ہے
یا نبی تیرے سوا اب کون نگہبان ہے
چارہ گر اپنا ارسطو اور نہ لقمان ہے
کو بکو تیرے تجسس میں وفا حیران ہے
برسوں ہی رہا ہجر میں اب وصل کرا دے
دو باتیں مجھے اپنی زباں سے تو سنا دے
محشر میں ہمیں سایۂ رحمت میں جگہ دے
تدبیر مجھے کوئی تو اب ایسی بتا دے
کچھ اسکے سوا اور نہ تو دل میں جگہ دے
کیا کروں میں سیم و زر کا یا محمدؐ مصطفے
فیض الفت کے اثر کا یا محمدؐ مصطفے
معجزہ شق القمر کا یا محمدؐ مصطفے
رتبہ ہے یہ کس بشر کا یا محمدؐ مصطفے
ایک اشارہ ہو نظر کا یا محمدؐ مصطفے
کہ دکھا دو اپنا جمال اب دو اٹھا جو حجاب ہے
ہے سرا فانی یہ کیسی بشر کی مثال اسکی سراب ہے
چلے جب وہ عرش پہ فرش سے کبھی ایسی دھوم طناب ہے

امید ہے وفا تجھے شکل محمدی | کہاں سہل سے نکالے یہ دکھلائی میری روز

در مدح و منقبت ہادی راہ طریقت رہبر اسرار شریعت فیض تربیت اعلیٰ درجت حضرت پیر و مرشد برحق جناب سید حافظ مولانا مولوی محمد عبد الرزاق لکھنوی نور اللہ مرقدہ

مرے مرشد میاں حافظ محمد عبد رزاق

اگر چشم بصیرت ہو ہمیں بھی اب بھی زیارت ہو — ہیں استاد جہاں حافظ محمد عبد رزاق

عجب قدرت ہیں یہ دیکھو عجب برکت ہیں لوگو — ہیں گنج بیکراں حافظ محمد عبد رزاق

تمہارا ہی تصور ہے ہمارے خانۂ دل میں — ہیں گنج بیکراں حافظ محمد عبد رزاق

کروں میں آپ کی مدحت کہاں اتنی مری طاقت — تمہیں ہو میہماں حافظ محمد عبد رزاق

تمہارے جو کہ طالب ہیں وہ مطلوب خلائق ہیں — کہاں میری زباں حافظ محمد عبد رزاق

دل پرنور میں جو سر مخفی ہے کوئی آ سکا — کہ دل میں کیا بیاں حافظ محمد عبد رزاق

ہمیشہ آپ کی فرقت میں بعد وصل روتی ہیں — نہیں پاتا نشاں حافظ محمد عبد رزاق

سوال علم اہل الذکر سے واجب کیا حق نے — زمین و آسماں حافظ محمد عبد رزاق

مجھے راہ خدا بتلائیے تم پر کیوں نہ قرباں ہوں — ہمیں بس ہیں میاں حافظ محمد عبد رزاق

سنبھالو دستگیری مولا کہ اب یہ جان سے جاتا ہے — مراد دل اور جاں حافظ محمد عبد رزاق

درود و کلمۂ طیب پڑھوں قرآں دم آخر — وفا ہی نیجاں حافظ محمد عبد رزاق

غلام ہے آپ کے در کا یہ حافظ عبد قدوس مسکیں — بلا شبہہ زگماں حافظ محمد عبد رزاق

دعا کیجے کہ حق فردوس میں جا دے — نکالو اس کے ارماں حافظ محمد عبد رزاق

یہی ہے اک فقط ارماں حافظ محمد عبد رزاق

خمسہ بر غزل مخدوم و مکرم معظم و محترم جناب مولانا مولوی حافظ محمد نور الحق صاحب مہتمم شہر ٹانڈہ دام ظلہ

کس ماہ درخشاں نے یہ ہے آگ لگا دی
دل پھونک دیا جگر خاک ہوا جان جلا دی
خود لاش مسیحا نے ہی مردوں کی جلا دی
کس غیرت گل نے انہیں شکل اپنی دکھا دی
آنکھوں نے جو رو رو کے ندی خوں کی بہا دی

قدرت نے یہ کس کس کی ہے تقدیر جگا دی
جس نے جس لئے تری راہ میں خوشا جان دی
ملتی ہے کسے خوب ہی کیا عیب سے شادی
فرہاد کو گر کوہ دیا قیس کو وادی
طالب کو ترے حق نے ترے کوچے میں جا دی

ہے وصل ہمیں ہجر میں دیوانہ و وحشی سے
دنیا میں یہ سامان ہیں کس جام و خوشی سے
آئے ہیں نبی صلی علی دیکھیے کس مہر وشی سے
گل پھولے سمائے نہیں جامے میں خوشی سے
آنے کی خبر تیری صبا نے جو اڑا دی

جسکا نہ تھا قدرت سے نہ ہمزاد نہ سایہ
پایہ وہ دیا حق نے اسے کوئی نہ پایا
گھر بیٹھے مجھے وصل کیا ملنے جو آیا
سمجھا کہ مدینہ کی خبر کوئی ہے لایا
زنجیر کسی نے جو مرے در کی ہلا دی

کیا خفتہ نصیبہ ہوا بیدار کسی کا
آتا ہے نظر ہجر میں دیدار کسی کا
پاتا ہے شفا عاشق بیمار کسی کا
تھا تیشہ مصحف رخسار کسی کا
یاروں نے مجھے نزع میں قرآں کی ہوا دی

دنیا کی خبر مجھکو نہ عقبیٰ کا ذرا غم
یاد رخ انور میں ہے بیہوش دما دم
کس چیز نے اسطرح کیا ہے مجھے بیدم
آئی وہ خوشی دونوں جہاں کا نہ رہا غم
مرشد نے مجھے کھول کے کچھ ایسی پلا دی

کرتے ہیں سبھی نفس پہ ہم اپنے تاسف
عادات میں نبیوں کی رہا ہے نہ تشبہ نہ تالف
وہ وجہ ہے الگ کھو بیٹھے یعقوب نبی یوسف
کرتے تھے کسی چیز میں ہرگز نہ تکلف
اللہ کے محبوب کی کیا وضع تھی سادی

ثابت ہے ہر اک شے سے تری نور کا جلوہ
مجھکو بھی دکھا جلد اب اس نور کا جلوہ
بیخود کیا موسیٰ کو دکھا طور کا جلوہ
عاشق کو دکھا یار رخ پر نور کا جلوہ

بیمار کو اپنے یہ مسیحا نے دوا دی

خالق نے تمہیں رحمت عالم ہی کیا ہے
صدقہ ہمیں تیرے ہی یہ محبت کا ملا ہے
سب امتیں بخشانے کا اقرار لیا ہے
جو ہم سے ہوا جرم معاف اسکو کیا ہے
جز عفو گناہوں کی نہیں ہمکو سزا دی

کیا سلسلہ جاری ہے ترے علم یقین کا
لاکھوں کو ملا مرتبہ گو صدر نشین کا
ہے علم لدنی سے بھرا فرش زمیں کا
کیا وصف کروں رہبری سرور دیں کا
کی ایسی ہدایت کہ ہوئے سیکڑوں ہادی

جن و بشر و مہر فلک ماہ شب افروز
ہے کیسی کشش دیکھئے کیا جذب ہے دلسوز
ہوتے ہیں فدا اس قدم پاک پہ ہر روز
کس نے ہے دیا شمع کو یہ جلوۂ جہاں سوز
جسنے دل پروانہ میں ہے آگ لگا دی

باتیں میں کروں تجھسے ہر اک وقت ہی دید
ہیں کشتۂ عشق نبوی زندۂ جاوید
روشن ہیں ترے نور سے جیسے مہ و خورشید
ہے روز قیامت بھی ہمیں آپ سے امید
عصیاں کا اگر غم ہے تو اس بات کی شادی

الفت میں کسی کے کبھی پر جوش ہوا میں
کب موت کے پنجہ سے فراموش ہوا میں
دیدار نظر آتے ہی بیہوش ہوا میں
پیکر مے خوش رنگ جو مدہوش ہوا میں
میخانہ کی مستی وہیں ساقی نے سکھا دی

اچھا ہے نصیب اسکا مدینہ میں جو جائے
پہنچائے خدا ہمکو تو پھر واپسی نہ لائے
مر جائے وہیں حق سے عجب مرتبہ پائے
آئے جو یہاں شوق سے جنت میں وہ جائے
یہ غیب سے ہوتی ہی مدینہ میں منادی

سب آرزو اللہ سے تو ہمکو دلا دے
عاصی ہیں ہمیں آتش دوزخ سے بچا دے
اور خاتمہ باخیر ہمارا ابھی کرا دے
اے شافع محشر تمہیں اللہ جزا دے
جز عفو گناہوں کے نہیں ہمکو سزا دی

جاتے ہیں وفادار صفت سوئے نبی ہم
دیکھیں گے جمال مہ ابروئے نبی ہم

قرآن پڑھیں دیکھ کے وہ روئے نبی ہم — لکھتے ہیں سدا مدحت گیسوئے نبی ہم

خستہ ہمیں اللہ نے کیا طبع رسا دی

مخمس بر غزل مشفقی مکرمی محمد عبد الرحیم خوشنویس متخلص بہ خاطر زاد مجدہ

مے گلرنگ پیکر خوب تم سرشار ہو جانا — مٹا کر ہستی مطلق کو محو یار ہو جانا
عجب دریائے وحدت ہے کہ اسکا پار ہو جانا — فنا سے ذات ہے اپنا فنا سے یار ہو جانا
نماز عاشقاں ہے یار کا دیدار ہو جانا

کہاں ممکن مقدر میں وصال یار ہو جانا — فراق یار میں بیحد مرا بیمار ہو جانا
بتاتا ہے مجھے تیرا کبھی دوچار ہو جانا — کمال عشق ہے ایدل فنا سے یار ہو جانا
کبھی بیکار بنجانا کبھی باکار ہو جانا

دوئی کو چھوڑ کر یک رنگ محو یار ہو جانا — کرشمہ دیکھکر صاحب زنار ہو جانا
نہیں اچھا اسیر گیسوئے خمدار ہو جانا — بہت مشکل ہے ایدل کافر دیندار ہو جانا
مگر دنیا دورنگی ہے ذرا ہشیار ہو جانا

ہمیں کونین میں کافی ترا دیدار ہو جانا — تمہارے تیر مژگاں کا اثر کیا ر ہو جانا
عجب ہے چلہ و ترکش کا یوں خمدار ہو جانا — غضب ہے تیغ ابرو کا تمہارے وار ہو جانا
ادھر بیکار کر دینا ادھر باکار ہو جانا

نہ پایا تجھکو ظاہر میں عبث کی جستجو ہمنے — پھرے در در نہی ناحق نہ دیکھا پر کہیں ہمنے
کیا جب غور اپنے پر تو خود دیکھا تجھی ہمنے — عجب نیرنگیاں دیکھیں جمال یار کی ہمنے
ادھر بدمست بنجانا ادھر ہشیار ہو جانا

احادیث نبی آئی ہیں تیری شان میں کامل — خزانے غیب کے تجکو ملے ہر گز نہو بسمل
ہمیں بھی کنت کنزاً مخفیاً سے ہوا حاصل — کیا مختار جب سارے خدائی کا تجھے ایدل
تو پھر مشکل نہیں کچھ واقف اسرار ہو جانا

کیئے زندہ کسی نے مردہ کہکر دیکھلو تم سو — نکالی ہیں کسی نے کشتیاں موج تلاطم سے

نظر آتے تماشے ہیں کسی کی نقش حسن سے
تنک ظرفی ہماری ہے جو ہم آگاہ ہیں تم سے
نہ رندوں کی طرح رسوا سر بازار ہو جانا

سمجھ لو اے وفا دل سے کہ بیشک ہے خدا جلّ
خدا عاشق ہے خود اپنا وہی ہے حال میں تنہا
کہاں مجنوں کہاں لیلیٰ عدم سے کون آیا ہے
ہے وحدت ہی خاطر کہ اسمیں کیف تیرا ہے
کہیں شبلی نہ بنجانا نہ تو عطار ہو جانا

کیا اللہ نے ہر چیز سے انساں کو ماہر
اسی کی شان ہے لاریب جا حاضر و ناظر
یہ اسرار حقیقت ہیں وفا یا نیز زباں قاصر
نہ اتنے ہو خاطر کہ جس سے راز ہو ظاہر
کہے کوئی نہ یہ تم سے ذرا ہشیار ہو جانا

سوال و جواب ابلیس از حضرت رب العزت

ابو الشیخ لائے مجاہد سے ہیں
کہ فَاِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ کی تفسیر میں
ہدایت کو مانے نہیں خوف یوں
کہ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْن
خدا کی طرف سے ہدایت ملے
جو انسان کو علم ہر قسم کے
تو ابلیس نے یہ خدا سے کہا
کہ تو مجھکو بھی علم و قرآں بتا
خدا نے یہ فرمایا تیری کتاب
کہ ہے وشم کے معنی سنلو جواب
بدن سوئی سے نیلا کرنا یہاں
ہے قرآں ترا شعر بد بیگماں
یہ کاہن برہمن ہیں تیرے رسول
جو کچھ علم جادو ترا ہے حصول
ہے کھانا ترا سارا مردار ہے
جو نام خدا وقت ذبح نہ لے
کرے مست جو چیز تیری شراب
ہے مثل خمر پوست و تنباک آب
ہے حمام مسکن ترا سن یہ بات
کہ قصے ہیں جھوٹے تری بات بات
مؤذن ہے تیرا مزامیر بس
گہے بازار مسجد صدا ہے جرس
اور ہے جال عورت کا پھندا ترا
یہ ابلیس بولا کہ کافی ہوا

نقل ہے کہ اک روز خواجہ جنید
کہ جن سے اکرم کی ہے سب کو امید

بدل سیر کی شہر بغداد میں
وہ نکلے تھے بازار آباد میں

کہیں چوک میں آکے دیکھا تو کیا
حکیم ایک بیٹھا ہے لیکر دوا

بڑی شان سے اک بچھونے اوپر
دواؤں کا صندوق وہ کھول کر

دوا دردمندوں کو دیتا تھا وہ
اور کچھ اُسکی قیمت کا لیتا تھا وہ

دوا کے لیئے خلق اُس آس پاس
جمع ہو گئی تھی بہت بے قیاس

جو دیکھا اِس تماشہ کو خواجہ جنید
پوچھا اُس حکیم سے اے آگاہ بھید

یہ کیا چیز تو بیچتا ہے مُگر
کہ جس شے کے بدلہ میں لیتا ہے زر

طبیب ہنرمند نے یوں کہا
مجھے حق یہ بخشا ہے رب العلے

نبی جی کا یہ قول ہیگا بجا
ہر اک مرض کو ہے دوا و شفا

دوا ہر مرض کی مرے پاس ہے
کہ جس سے غرضمند کو آس ہے

تو خواجہ جنید اُس سے پھر یوں کہا
مجھے ایک خواہش ہے گر ہے دوا

جو تم اُسکی قیمت کہو سو میں دوں
مگر اُس دوا کو بہر طرح لوں

کہا کونسی ہے دوا وہ کہو
کہ تم سے ولی کو بھی ہے جستجو

کہا اُسکو اُسوقت خواجہ جنید
گُنہ کا عمل نامہ ہووے سفید

کہا ہاں میں رکھتا ہوں وہ بھی دوا
مرض معصیت کو ہو جلدی شفا

حکیم اپنے دل بیچ کہنے لگا
کہ ہے مصلحت اُن سے کہنا دوا

کہ ایسی دوا کے خریدار یگاں
ہے ایسے ولی صاحب اسرارگاں

انھوں سے چھپانا دوا کفر ہے
بتانا انھوں کو دوا شکر ہے

وہ یوں پھر ادب ساتھ کہنے لگا
جو تھی اُسکی اشیاے نادر دوا

در بیان اشیا کی گوید

توکل کی جڑ اور صبر کا اُنھیں پات
اور اُس میں ملا دیجے باذنبات

ہلیلہ حلیمی کا اُس میں ملاؤ
ہلیلہ بھی دلجوئی کا اُس میں لاؤ

کھرل معرفت میں یہ سب ڈال کر
اسے دست توفیق سے پیسکر

یہ ہو جائیں جب پانچوں چیزیں ہی ایک — تو بعد از تو مرشد کی خدمت کی دیگ
اور اُس دیگ میں سب یہ چیزیں ملا — تو کوشش کے چولھے پہ دیجے چڑھا
تو پھر شوق کی نیچے کچھ آنچ لا — ریاضت کا خوب اُسمیں ایندھن جلا
تو بعد از صف دل کی صحنک میں لا — محبت کے چمچے سے دیجے ہلا
کرو ٹھنڈا پھر اس دوا کو تمام — رکھے ربط جو کوئی ہر صبح و شام
مرض معصیت سے شفا پائے گا — شفا پائے گا وہ بفضل خدا
مگر اس دوا پر بھی پرہیز ہے — کئی شے جو بادی سے آمیز ہے

دربیان اشیاے پرہیز گوید

ہوا حرص کی ہٹنی سے دور ہو — غروری کے بیگن سے معذور ہو
کہ غصہ کی ترشی کو نہ چاکھنا — حسد بغض کی مرچ سے بھاگنا
غذا اُن پہ کھانا تو اکل حلال — زباں صاف رکھنا بصدق مقال
جو پرہیز سے تو دوا کھائے گا — نہ پھر عاقبت میں تو پچھتائے گا
یہ نسخہ دوا کا کہو آفریں — کہ صد آفریں مرحبا آفریں
حکیموں میں دانا تو تحقیق ہے — حقیقت میں بلکہ محقق تو ہے
عزیزو تم اس نسخہ کو دل پر لکھو — اجازت لے مرشد سے کھانا سیکھو
گنہ کا مرض سخت دشوار ہے — حکیموں کی یہاں عقل لاچار ہے
ہزاروں درود اور ہزاروں سلام — بروح محمد علیہ السلام

چند احادیث معہ ترجمہ بنا بر آگاہی ہر خاص و عام

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰزَارَ مُؤْمِنًا وَطَالِبَ الْعِلْمِ وَحَافِظَ کَلَامٍ بِغَیْرِ حَقٍّ فَقَدْ ھَدَمَ مَکَّۃَ وَالْمَدِیْنَۃَ وَالْبَیْتَ الْمَعْمُوْرَ وَقَتَلَ اَلْفَ مَلَکٍ مِّنَ الْمُقَرَّبِیْنَ

فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی آزار دے مسلمان اور طالب علم اور حافظ کو بغیر حق پس تحقیق خراب کیا اُسنے مکہ اور مدینہ اور بیت المعمور کو اور قتل کیے اُسنے ہزار فرشتے مقرب

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَھْلَ الْقُرْاٰنِ خَاصَۃُ اللّٰہِ وَاَفْضَلُہٗ عَلٰی کُلِّ عِبَادٍ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھنے والا قرآن کا خاص اللہ تعالیٰ کا ہر اور بزرگ ہے وہ سب بندوں سے۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُلْ یَقْرَءُ وَالْقُرْاٰنُ النَّظَرُ فِی الْمُصْحَفِ اَنَّ عِبَادَۃٌ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھے قرآن مجید کو آنکھوں سے دیکھکر پس تحقیق وہ اللہ کی عبادت میں ہے۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ حَرْفًا مِنْ کَلَامِ اللّٰہِ وَالصَّحَائِفِ فَھُوَ مَوْلَاہُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھا ایک حرف قرآن مجید کا یا کتابوں کا پس وہ اُستاد ہے اُس کا قیامت تک۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ فَھُوَ اَبُ الْمَجَازِیْ فرمایا نبی صاحب نے پڑھانیوالا علم کا باپ مجازی ہے۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ فَرَّحَ قَلْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَطَالِبَ الْعِلْمِ الْجَاحِنُھَا فِیْ خَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی لَہٗ مَلَکًا عَظِیْمًا فِی الصُّوْرَتِ الطَّیْرِ لَہٗ اَلْفُ بَدَنٍ وَفِیْ کُلِّ بَدَنٍ اَلْفُ اَلْفُ بَدَنٍ اَلْفُ رَاسٍ وَفِیْ کُلِّ رَاسٍ اَلْفُ وَجْہٍ وَفِیْ کُلِّ وَجْہٍ اَلْفُ فَمٍ وَفِیْ کُلِّ فَمٍ اَلْفُ لِسَانٍ وَفِیْ کُلِّ لِسَانٍ حَرْفُ اَلْفٍ یُسَبِّحُوْنَ اللّٰہَ وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فرمایا نبی صاحب نے جو کوئی خوش کرے دل عالم کا اور فاضل کا اور پڑھنے والے کا اور پہلا ویے اُنکی مرادیں پس پیدا کریگا خدا تعالے نے واسطے اُس بندہ کے ایک فرشتہ بڑا صورت پرندہ جانور کی کہ اُس جانور کی ہونگی ہزار تن اور ہر ایک تن میں ہزار سر ہونگے اور ہر سر میں ہزار مونہہ اور ہر ایک مونہہ میں ہزار زبان اور ہر ایک زبان میں ہزار حرف اور وہ جانور تسبیح کریگا خدا تعالیٰ کی اور توبہ کریگا واسطے بخشانے اُس شخص کے قیامت تک۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ مَنَعَ الزَّکٰوۃَ وَالْخَیْرَاتَ مَلْعُوْنٌ فرمایا نبی صاحب نے جو کوئی منع کرے زکوۃ دینے اور خیرات کرنے کو پس وہ لعنت کیا ہے۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَۃٍ فرمایا حضرت نے طلب کرنا علم کا فرض ہے ہر مسلمان مردوں اور عورتوں پر

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَھَانَ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا وَمَا اَھَانَنِیْ فَقَدْ اَھَانَ اللّٰہَ وَمَنْ اَھَانَ اللّٰہَ فَقَدْ کَفَرَ جو کوئی اہانت کرے عالم اور اُستاد کی پس تحقیق اُسنے اہانت کی میری اور جس نے برائی کی میری پس تحقیق اُسنے اہانت کی اللہ کی اور جسنے اہانت کی اللہ کی پس تحقیق وہ کافر ہوا ۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ عَلَی الْفَقِیْرِ وَالْمَسَاکِیْنِ وَالْیَتِیْمِ وَعَلٰی طَالِبِ الْعِلْمِ وَقَرَءَ الْقُرْاٰنَ یُدْخِلُہُ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الْجَنَّۃِ بِلَا حِسَابٍ وَّلَا عَذَابٍ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی خیرات کرے اللہ کی راہ میں فقیروں کو اور غریب) مسکینوں اور یتیموں کو اور قرآن پڑھنے والوں کو داخل کریگا اللہ تعالے اُسکو بہشت میں بغیر حساب اور عذاب کے ۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعَانَ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا مِنَ الثَّوْبِ وَالدَّرَاھِمِ وَلَوْ کَانَ قَلَمٍ مَکْسُوْرٍ فَکَاَنَّمَا بَنَی الْکَعْبَۃَ الشَّرِیْفَۃَ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مدد کرے پڑھنے والے کی کپڑے سے یا روپیہ سے یا ٹوٹے قلم سے پس تحقیق بنایا اُسنے کعبہ بزرگ ستر بار ۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ دِرْھَمًا عَلٰی طَالِبِ الْعِلْمِ فَکَاَنَّمَا نَفَقَ جَبَلًا مِنَ الذَّھَبِ اَحْمَرَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ تَعَالٰی فرمایا نبی صلعم نے جو کوئی خیرات دیسے ایک روپیہ علم پڑھنیوالیکو اُسنے دیا گویا پہاڑ دیا سونے کا راہ خدا میں ۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اِسْتَرْجَ سِرَاجًا سَبْعِیْنَ لَیَالٍ حَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی سَبْعَۃَ اَبْوَابِ جَھَنَّمَ وَفَتَحَ سَبْعَۃَ اَبْوَابِ الْجَنَّۃِ وَجَعَلَہُ نُوْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی فِیْ قَبْرِہٖ فَکَاَنَّمَا لَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ نُوْرٌ مِنْ یَدِہٖ وَنُوْرًا مِنْ وَجْھِہٖ وَعَنْ یَمِیْنِہٖ وَشِمَالِہٖ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی روشن کرے چراغ مسجد کے درمیان ستر رات حرام کریگا اللہ تعالے اُسپر سات دروازہ دوزخ کے اور کھولیگا سات دروازہ بہشت کے اُسپر اور روشن کریگا اُسکی قبر کو اپنے نور سے قیامت تک روشنی ہاتھوں کی اور روشنی منہ کی اور روشنی داہنی اور بائیں طرف فقط

تَمَّتْ کِتَابٌ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ

قطعہ تاریخ از طبع حافظ عبد الولی صاحب سلمہ ۵ مصحف کی منزلوں میں جو راہ بھولے تھے ۔ بفضل خدا سر جو نکلی اب مشکلات آسان